سِناؔ۔ اُردو لغت

پندرہ ہزار سے زائد سِناؔ الفاظ پر مشتمل
قواعد کی پہلی فرہنگ

از
پروفیسر محمد امین ضیا

برادرِ محترم رازدل کوہستانی کی خدمت میں بصد خلوص ۔

[illegible]

اسلام آباد ۹ دسمبر 2010ء

سنا ۔ اردو لغت

از

پروفیسر محمد امین ضیا

عالمی معیاری کتاب نمبر: ISBN: ۹۷۸-۹۶۹-۹۴۲-۰۰-۸

نامِ کتاب.............................. شِنا۔ اُردو لغت

مصنّف.............................. پروفیسر محمد امین ضیاؔ

گرافک کمپوزنگ.............................. پروفیسر محمد امین ضیاؔ

تاریخ طباعت.............................. اکتوبر۔ 2010

اشاعت.............................. اول

تعداد اشاعت.............................. ایک ہزار

قیمت.............................. -/500

پبلشرز.............................. ضیاؔ پبلیکیشنز، گلگت

پرنٹرز.............................. ایس۔ ٹی پرنٹرز راولپنڈی

ملنے کا پتہ:

المرتضٰی بک سنٹر گلگت۔

نارتھ نیوز ایجنسی، مدینہ مارکیٹ، گلگت۔

عثمانی کتب خانہ، نسیم مارکیٹ، گلگت۔

حلقۂ ارباب ذوق، گلگت۔

دارالاشاعت، بزم علم وفن، سکردو۔

ساجد نیوز ایجنسی، گاہکوچ، غذر۔

دیامر رائٹرز فورم، چلاس۔

انجمنِ فکر وسخن، نگر۔

دیباچہ

ایک عرصے سے خواہش تھی کہ اس زبان کی بھی کوئی لغت ترتیب دی جائے جسے گلگت بلتستان کے قدیم انتظامی مرکز اور بین الاقوامی لحاظ سے حساس اور چار بڑے ملکوں کے مقام اتصال گلگت کے ایک وسیع رقبے میں قریباً پندرہ لاکھ سے زائد لوگ بولتے ہیں۔ متنوع نسلوں، ذاتوں، قبیلوں، زبانوں اور مخلوط معاشرتی و سماجی ماحول میں اپنے وجود کو برقرار رکھنے والی گلگت کی صوتیاتی شِنا زبان اس علاقے کی وہ معیاری زبان ہے جس میں دیگر زبانوں اور بولیوں کے جذب وانجذاب کی خوبی درجۂ کمال پر ہے۔ اس صلاحیت کے وصف سے اسے معیاری شِنا ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس کے بولنے والے علاقے کی دیگر زبانوں اور بولیوں سے آشنا ہیں، ان میں سے اکثر لوگ تین چار زبانوں سے واقف ہیں مگر یہ الگ بات ہے کہ اپنی فطری متانت سے یہ لوگ بہت دھیمے سروں میں بولتے ہیں۔ اس زبان اور علاقے دونوں کی یہ خوبی ہے کہ ایک اپنے قدرتی حسنِ مناظر سے اور ایک حسنِ سماعت سے لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتے ہیں۔ گلگت کی شِنا کا خاص آہنگ ولہجہ مناظر کی رنگینی سے ہم آہنگ ہو کر جل ترنگی موسیقیت سے اپنے بولنے والوں کو مسحور کر دیتا ہے اور اس کے دامن میں بکھرے ہوئے قدیم آبا واجداد کی ذہانت وسادگی سے بھرے پُرے اقوال ان میں زندگی کی مشکلات سے نمٹنے کا حوصلہ پیدا کرتے ہیں۔ یہ زبان اپنی ساخت کے حوالے سے دنیا کے چیدہ چیدہ ماہرینِ لسانیات کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔

آپ جانتے ہیں کہ زبانیں زمانی اور زمینی قیود ہی میں اپنی خالص ہیئت ترکیبی میں زندہ رہ سکتی ہیں۔ ذرائع مواصلات کی بے پناہ ترقی، کتب ورسائل کی فراوانی، برقی نشریاتی دور اور گوناگوں معاشرتی قدروں کی یلغار میں عرصۂ دراز سے تخلیے میں رہنے والی زبانوں کا زندہ رہنا کوئی آسان بات نہیں اور خصوصاً اس صورت میں جب کہ ابتدائی جماعتوں میں بچوں کے لئے اس زبان کی درس وتدریس کا کوئی انتظام سرے سے موجود ہی نہ ہو۔ اس پس منظر میں شِنا کا وجود ایک اعجاز ہے۔ اس وقت دنیا میں چھے ہزار مختلف مصدقہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ماہرینِ لسانیات کی تحقیق کے مطابق اس صدی کے آخر تک ان میں سے نصف زبانیں معدوم ہو چکی ہوں گی۔ یعنی ہر بارہ دن بعد ایک زبان مرتی جائے گی، یہ ایک تشویش ناک المیہ ہے۔ زبان کی اہمیت کا اندازہ لگانے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ اس کرۂ ارض پر انسانی معاشروں کی تاریخ وثقافت زبانوں کی مرہونِ منت ہے۔ آبا واجداد کی زبان کو کھو دینا نہ صرف ان سے رشتے کے سلسلے کو قطع کرنا ہے بلکہ تاریخ کے سوتے کو اندھا کرنا ہے۔ جب کوئی زبان معدوم ہوتی ہے تو فن وثقافت وعلم کے خزانوں کی کنجیاں کھو جاتی ہیں۔ دنیا کی کئی زبانیں ماہرینِ علم الانسانیات کو معلومات کا یہ منفرد ذریعہ بھی فراہم کرتی ہیں کہ اول اول انسان کیسے زمین پر پھیلے اور آباد ہوئے۔ آج ہمیں جتنی تاریخی معلومات حاصل ہیں وہ ان قدیم لوگوں کی زبانوں سے ماخوذ ہیں جنہیں وہ بولتے چالتے تھے۔ گویا زبان کو زندہ رکھنا انسانی تاریخ کو زندہ رکھنا ہے۔ مثال کے طور پر یہودیوں نے نہ صرف عرصۂ دراز سے مری ہوئی عبرانی زبان کو زندہ کیا بلکہ اسے اپنی دوسری قومی زبان کا

درجہ بھی دے دیا ہے۔ اس کے برعکس سنسکرت قدیم تر ہونے کے باوجود آج ویدوں کے اوراق کا کفن اوڑھے معدوم السنہ میں شمار ہوتی ہے۔ ان حالات میں زبان کی حیثیت سے شِنا صرف اس صورت میں زندہ رہ سکتی ہے جب ہم اس کے تحریری ادب اور ثقافتی اقدار کی ترویج وترقی کے لئے کام کریں، گھروں میں بچوں کے ساتھ اسے بول چال کا ذریعہ بنائیں اور اس کے دائرۂ رسوخ کو وسیع تر کرنے کی کوشش کریں۔ شِنا میں آج تک میری تمام کاوشیں اس سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

میرا مقصد عوامی بول چال کی زبان کو مِن وعن تلفظ اور لہجے میں لکھنا ہے۔ اس لئے میں نے خالص شِنا حروفِ تہجی منتخب کئے ہیں۔ ہمارا علاقائی اور لسانی ورثہ بعض دیگر زبانوں کے صوت ومخرج کی ادائی سے فطرتاً معذور ہے۔ اس حقیقت کو تسلیم نہ کرنے کی کوئی معقول توجیہہ اور دلیل موجود نہیں۔ دنیا کی منتخب اور معتبر ترین عربی زبان بھی ایسی عذر داریوں سے خالی نہیں۔ اس جبلّیاتی اور علاقائی مخارج اصوات کے ورثے کی بنا پر شِنا میں دخول تمام زبانوں کے الفاظ کو شِنا صوت، لہجے اور تلفظ میں لکھا گیا ہے اور معنوں میں ان کی اصلی ہیّت اور روپ برقرار رکھا ہے۔ شِنا گلا اگر ظلم کو درست مخرج وتلفظ میں ادا نہیں کرسکتا تو اسے ژُلم لکھنے سے وہ رحم یا ترس تو نہیں بنتا بایں صورت کہ مدخولہ لفظ معنوں میں اپنی اصل صورت میں درج ہے۔ ان جانے میں زبان کی اصلی ہیّت کو بگاڑنا اپنی تاریخ اور آباواجداد سے رشتے ناطے کو قطع کرنے کے مترادف ہے۔ بس اتنی سی بات ذہن میں رہے۔

لغت کی ضخامت کے پیشِ نظر اس میں اختصار کے ساتھ صرف وہ دخول الفاظ جمع کئے گئے ہیں جنہیں لوگ اکثر استعمال کرتے ہیں اور ممکنہ حد تک دستیاب الفاظ جمع کرنے کی کوشش تنہا ہی کی گئی ہے، جب کہ لغت نویسی ایک پورے ادارے کا کام ہے۔ اس تنہا کاوش کی بنا پر میں اپنی ممکنہ کوتاہیوں کا پیشگی معترف ہوں۔ قریباً پندرہ ہزار الفاظ کا ذخیرہ آپ کے سامنے ہے۔ اس لغت کی تکمیل میں میری شریک حیات رضیہ ضیا اور بیٹی سعدیہ دانش نے حسب ضرورت میرا ہاتھ بٹایا ہے کیونکہ مردوں کی نسبت خواتین کسی زبان کو شستہ، خالص اور بامحاورہ بولنے میں زیادہ ماہر ہوتی ہیں۔ میں ان کو اس بات کی بھی داد دیتا ہوں کہ مسلسل دو ماہ تک میرے کمپیوٹر سے چپکے رہنے پر انہوں نے کبھی شکایت بھی نہیں کی۔ میں سیّد مہدی شاہ صاحب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس لغات کی اشاعت کے لئے مالی معاونت کی۔

البتہ چند غیر مہذب الفاظ کی اشاعت کے معاملے میں عرض گزار ہوں کہ ایسے الفاظ سے ہماری مقتدر ومتبرّک مذہبی کتب ورسائل بھی مبرا نہیں، اگر انہیں نظر انداز کیا جاتا تو یہ لغت نویسی کے مروّجہ قدروں کے ساتھ ناانصافی ہوتی، آپ فراخدلی سے اسے درگزر کریں۔ امید ہے کہ اس لغت میں نایافت الفاظ سے مطلع کر کے آپ شِنا کی خدمت اور مجھے ممنون احسان کریں گے۔

۲۶ اگست، ۲۰۱۰ء

پروفیسر محمد امین ضیا

گِلئیت، گلگت بلتستان

سِنَا حروفِ تہجّی

ا ب پ ت ٹ ج چ خؕ حؕ

د ڈ ذ ر ڑ ز زؕ

س ش سؕ ک گ ل م ن و

ہ ھ ء ی ے

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ خؕھ حِھ کھ گھ

علامات

کوتاہ مصوتہ ◌ٚ طویل مصوتہ ◌ٗ اٹھان یا شد ◌ٓ

ہموار مصوتہ ◌ٛ

فتحہ ◌َ کسرہ ◌ِ ضمّہ ◌ُ

اشارات

اسم	ا	واحد	وا	مذکر	مذ	مؤنث	مث	صفت	صف	محاورہ	محا
فعل امر	ف۔امر	حاصل مصدر	حا۔مص	فاعل	فا	مفعول	مف	ماضی	ماض	مستقبل	مستق
مضارع	مضا	فعل	ف	کہاوت	کہا	مجہول	مج	متعدی	متع	لازم	لاز
مخاطب	مخا	متکلم	مت	غائب	غا	حرف	حر	ضمیر	ضم	استفہام	استف
اضافی	اضا	جاری	جا	ظرف	ظر	زماں	زم	مکاں	مکا	حرف	حر

سِنٓاٗ اضافی حروف کی اصوات۔

خٔ　　خٔرتھوءِک　　پھاڑنا۔

چٓ　　چٓگائیَ　　ترازو۔

سٓ　　سِتسٓ　　سر۔

ثھ　　ثھُرتھوءِکَ　　چھڑکنا۔

چِھ　　چِھُر　　آبشار۔

رٓ　　رٓا　　بھائی۔

ںگ　　ٹھںَگ　　دھکا۔

لٗ　　کھُنزٓ　　تلوار۔

رٓ　　تھُرٓ　　چابک۔

الف ممدوده

آ: وا (علاقائی بولی میں جمع حاضر) سب آؤ۔

(ف۔امر۔جم۔مخا)۔

آ: میٹھا۔لذیز۔(بچوں کی بولی)۔(ا۔وا۔مذ)۔

آباد: خوش حال۔بھراپرا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آبادبوءِک : آبسنا۔کسی جگہ بسنا۔(مص۔لازم)۔

آبادِی: آبادی۔(ا۔وا۔مث)۔

آبادی تھوءِک : آبادکرنا۔بسانا۔(مص۔متعدی)۔

آبادتھئیک : آبادکرنے والا (ا۔فاعل)۔

آبادتھرَیک: آبادکرانے والا (ا۔فا۔متع)۔

آبرُو: آبرو،عزت (ا۔وا۔مث)۔

آب ودانہ : رزق۔(ا۔وا۔مذ)۔

آب ودانہ پھسّ بوءِک: رزق ختم ہونا۔رحلت کرنا۔

آبِ دوز: سمندر کے نیچے چلنے والی کشتی (Submarine

آبِ کوثر: جنت کی ایک نہر کا پانی۔(ا۔وا۔مث)۔

آبِ ہوا: موسموں کی کیفیت۔(ا۔وا۔مث)۔

آبرُو: عزت۔حیا۔(ا۔وا۔مث)۔

آبکھور: آب خور۔(ا۔آلہ۔وا۔مذ)۔

آبوءِک: میٹھاہونا۔لذیزہونا۔(مص۔لازم)۔

آپرَے: ادھر جدھر۔اُدھر کہیں۔(ا۔ظر۔زماں)۔

آپو: کم۔قلیل۔(ا۔صف۔مقد۔وا۔مذ)۔

آپوسناپو : تھوڑا کچھ،تھوڑا بہت۔(تابع فعل)۔

آپی: کم۔قلیل۔(ا۔صف۔مقد۔وا۔مث)۔

آپک: تھوڑاسا۔ذراسا۔(ا۔صف۔مقداری)۔

آت: آؤگے۔مضارع (علاقائی بولی، جمع حاضر کا صیغہ)

آپر: اُدھر سے۔(حر۔جار)۔

آپک: تھوڑاسا۔ (ک۔علامت واحد)۔

آپھت: آفت۔بلا۔جسیم۔(ا۔صف۔وا۔مث/مذ)۔

آپھت وَیوءِک: آفت آنا۔بلا آنا (ا۔وا۔مذ/مث)۔

آپھت بوءِک : بلا ہونا۔مصیبت کا سبب بننا۔

آپھت دُلیوءِک: بلا یا مصیبت بننا۔(ف۔لازم)۔

آپھت تموءِک: مصیبت سہنا۔(مص۔متعدی)۔

آپھت سنجوءِک: آفت کا پرکالہ ہونا۔بلا بننا۔

(مص۔لازم)۔

آپھتئی : آفت کا۔بلا کا۔(حا۔اضافی)۔

آپھتوءِک: آفت بننا۔طاقتور ہونا۔(مص۔لازم)۔

آجیو: ہائے رے۔وائے۔۔ترس کھا کر کہنا۔(حر۔ندبہ)۔

آجی: ماں۔(ا۔وا۔مث)۔

آجے: مائیں۔(ا۔۔جم۔مث)۔

آج: اے ماں! (حر۔ندا)۔

آجیٹ: ماں کو۔(حا۔مفعولی)۔

آجس: ماں نے۔(حا۔فاعلی)۔تابع فعل۔

آجِی جَو: ماں سے۔(حا۔جاری)۔تابع فعل۔

آُجِی زَمَوٗ عِک بأَبو،بأَبو زَموعِک گوٗ:ماں کو پیٹے باپ،باپ کو پیٹے کون؟(محاورہ)۔

آُجِی چِلوٗ : ماں کا چراغ۔(ا۔وا۔مذ)۔

آُجِی :ماں۔(ا۔وا۔مث)۔

آُجِی نَذر : ماں صدقے۔(حر۔ندبہ)۔

آُجِی بُدَوٗ: ماں قربان۔(حر۔ندبہ)۔

آُجِک: ایک ماں۔(ک۔بطور علامت واحد)۔

آدَت : عادت۔(ا۔وا۔مث)۔

آدَم زَات: آدم زاد۔آدمؑ کی اولاد۔(ا۔جم۔مذ)۔

آدَم کھوٗر: آدمی کو کھانے والا۔ (ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آدِل: عادل۔انصاف کرنے والا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آجز بوعِک: عاجز ہونا۔(مص۔لازم)۔

آجزِی:عاجزی۔(حا۔مص)۔

آتَش: تیز۔ہوشیار۔(ا۔صف)

آتَش بوعِک:تیز طرار ہونا۔(مص۔لازم)۔

آذَر تھوعِک :حکم جاری کرنا۔(مص۔متعدی)۔

آذَرِیٗ:حکم کا۔فرمان کا۔(اضافی)۔

آزُر جَمشِت :ایک شہزادہ جس نے شری بدت کو قتل کیا۔

آزار : دکھ۔تکلیف۔ایذا۔(ا۔وا۔مث)۔

آزار تھَر وعِک:دکھ دینا۔تکلیف دینا۔(مص۔متعدی)۔

آزار بزَار تھَر وعِک:تکلیف دینا۔صدمے کا سبب ہونا۔(مص۔متعدی)۔

آزارِیٗ: بددعا۔آزاری۔(حا۔مص)۔

آزَاد :آزاد۔(ا۔صف۔وا۔مذ/مث)۔

آزَادِیٗ : آزادی۔(حا۔مص)۔

آُر : عار۔برا۔(ا۔صف۔مث)۔

آُرتھوعِک: عار کرنا۔برا جاننا۔دور رہنا(ف۔متعدی)۔

آُردَستوعِک: عار گردانا۔باعث شرمندگی سمجھنا(متعدی۔

آُرگلِیوعِک:باعث شرمندگی سمجھنا۔(ف۔متعدی)۔

آرَام تھوعِک : آرام کرنا۔(ف۔متعدی)۔

آُرَوٗ: تھوڑا سا گیلا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آُرِیٖ : ذرا سے گیلی۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

آسَار : آثار۔علامات۔نشانیاں۔(ا۔جم۔مث)۔

آسَارِیْ : آثار۔علامتیں۔(ا۔جم+جم۔مث)۔

آسَان : سہل۔آسان۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

آسَانِی : آسانی۔(حا۔مص)۔

آشنَا : واقف۔آشنا(ا۔صف۔وا۔مذ/مث)۔

آشنَائِیْ : آشنائی۔واقفیت۔(حا۔مص)۔

آسِل : نیک چلن۔اصیل۔(ا۔صف۔وا۔مذ/مث)۔

آسِل بوءِک: نیک ہونا۔فرماں بردار ہونا(ف۔لازم)

آشک : عاشق۔(ا۔صف۔وا۔مذ/مث)

آشکِی : عاشقی۔(حا۔مص)۔

آشک بوءِک: (مص۔) عاشق ہونا۔(مص۔لازم

آشکَی : عاشق کارکی۔(اضافی)۔

آک بوءک: عاق ہونا۔(مص۔لازم)۔

آک تھوءِک : عاق کرنا۔بے دخل کرنا(مص۔متع)

آکھ تھوءِک : کھنکارنا۔گلا صاف کرنا۔(مص۔متع)

آکھ تھُو تھوءِک : آخ تھو کرنا۔تف کرنا۔(مص۔متع)

آکھلاَ : چھی چھی۔گندا۔(حرف۔تنبیہ)۔

آکھِر : آخر۔انجام کار۔(تابع فعل)۔

آکھِرِیْ : آخری۔(ا۔صف۔وا۔مث) تابع فعل۔

آکھیِر کارُ: آخر کار۔انجام کار۔(متعلق فعل)۔

آکھیِر تیِر : آخر میں۔(تابع فعل)۔

آکھِرَت : آخرت۔(ا۔وا۔مث)۔

آکھِر تیر : آخرت میں(ا۔ظر۔زماں)۔

آکھِرَت دُلیوءِک : آخرت سنوارنا۔(مص۔متعدی

آکھِری سَپھر : آخری سفر۔(ا۔وا۔مث)۔

آگا: آغا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آل: اولاد۔بچے۔عیال۔(ا۔جم۔مذ)

آئِل : اُدھر۔(ا۔ظر۔مکاں)۔

آلُو بُگھارَہ : آلو بخارہ۔(ا۔وا۔مذ)۔

آجِزِیْ: عاجزی۔(ا۔کیف)۔

آجِز تھَروءِک: عاجز کرنا۔(مص۔متعدی)۔

آوَرَہ: آوارہ۔(ا۔صف۔وا۔مذ/مث)۔

آوَرَہ بوءِک : آوارہ ہونا۔(مص۔لازم)۔

آئِلیو: وہاں سے۔اُدھر سے(ا۔ظر۔مکاں)۔تابع فعل۔

آم :عام۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آم : آم۔ پھل کا نام۔(ا۔وا۔مذ)۔

آمُوْ: کچا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آمَےْ: کچے۔(ا۔صف۔جم۔مذ)۔

آمِیْ: کچی۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

آمال: اعمال۔(ا۔وا۔مذ)۔

آئِین مائِین تھو ءِک: بہانے کرنا۔آئیں بائیں شائیں کرنا۔(مص۔متعدی)۔

آئِین : ادھر۔(ا۔ظر۔مکاں)۔تابع فعل۔

آئیں بڑوْ: بڑے منہ والا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آئیں بڑس کھایا، تارَوْ بڑس: بڑے منہ والا کھائے گا یا قسمت کا بلند ستارہ والا۔(محاورہ)۔

آئنیر دَوْن نُش، ڈیرَ نیراوْن نُش: منہ میں دانت نہیں، پیٹ میں غذا نہیں۔(محاورہ)

آئیں بشو ءِک: زبان چلانا۔(مص۔متعدی)۔

آئیں جمو ءِک: جماہی لینا۔(مص۔متعدی)۔

آئیں سِیو ءِک: منہ سی لینا۔منہ بند رکھنا(ف۔متعدی)

آئیں گولوْ: ٹیڑھے منہ والا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آئیں گولیوَ ءِک: شرمندہ ہونا، لاجواب ہونا(ف۔متع)۔

آئیں پھتاوْ: منہ پھٹ۔خودستا۔باتونی۔(ا۔صف)۔

آئیں تھو ءِک: رونا۔(بچوں کی بولی)۔(م۔متعدی)۔

آئیں شِیلو: کھلے منہ والا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آئیں رَٹھو ءک: زبان روکنا۔بولنے میں محتاط رہنا۔(مص۔متعدی)۔

آئَیِ ہَہ بڑَ و ءِک: کہہ کہہ کر تھک جانا۔(مص۔متعدی)

آئنیٹ وَتگ بشو ءِک: جو منہ میں آئے کہہ دینا۔اُلٹا سیدھا بولنا۔(مص۔لازم)۔محاورہ۔

آلوْ: وہ آیا۔(ف۔مطلق۔وا۔غائب۔مذ)۔

آلےْ: وہ آئے۔(ف۔مطلق۔جم۔غائب۔مذ)۔

آلِیْ: وہ آئی۔(مط۔وا۔غا۔مث)۔

آلیئےْ: وہ آئیں۔(مط۔جم۔غا۔مث)۔

آلی نگالیْ بَچی گالیْ: ہر ذمہ داری برق کو اپنی طرف کھینچنے والی چوٹی ہی کی ہے۔(محاورہ)۔

آلو : آلو (ا۔وا۔مذ)۔

آلم : عالم۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آلمیَ رِتگ تھےْ، تِھتگ نَےْ تھےْ: عالم کا کہا ہوا کر، کیا ہوا نہ کر۔محاورہ۔

آلِ رَسُول: سادات۔ رسولؐ کی اولاد۔ (ا۔جم۔مذ)۔

آمین: (دعائیہ کلمہ) آمین۔

آنسَو: آنسو۔ (ا۔وا۔مذ)۔

آنسَے: آنسو۔ (ا۔جمع۔مذ)۔

آنسَے بَرَوءِک: آنسو نہانا۔ (مص۔متعدی)۔

آنسَے پِیوءِک: آنسو پی لینا۔ ضبط کرنا۔ (محا)۔

آنسَے تَموءِک: آنسو برداشت کرنا۔ ضبط کرنا۔ (مص۔متعدی)۔

آنسَے ٹھور تھوءِک: بات بات پر رو دینا۔ (محاورہ)۔

آنیَو: یہاں سے۔ ادھر سے (ا۔ظر۔مکاں)۔ تابع فعل۔

آنگ: گدھے کی آواز۔ (ا۔وا۔مذ)۔

آنگ تھَوءِک: ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ (م۔لازم)۔

آنگ تھَے، بَار رگنوءِک: آ بیل مجھے مار۔ آواز دے کر مصیبت میں پڑنا۔ (محاورہ)۔

آوَن تھَوءِک: رونے کی آواز نکالنا۔ (مص۔متعدی)۔

آوَاں دَوءِک: رونے کی آواز نکالتے رہنا (م۔متعدی

آنوُو: بڑا منہ۔ (ا۔صف۔وا۔مذ)۔

آٹَے: آٹا۔ (ا۔جم۔مذ)۔

آٹَے گِٹے دَوءِک: خوش آمدید کہنا۔ استقبال کرنا۔

آٹَے تھَوءِک: مسل کر ریزہ ریزہ کرنا۔ (ف۔متعدی)

آٹَے تھَر وءِک: پیس کے رکھ دینا۔ (مص۔متعدی المتعدی)۔

آٹَے کَسَپ تھَر وءِک: شادی کے دو دن بعد نہال میں دلہن کی آمد پر دعوت دینا۔ (مص۔متعدی)۔

آٹَے پِیرُ وءِک: آٹا پیسنا۔ (مص۔متعدی)۔

آٹَے گہ جُک بِلیئت گرِ پِیِ نے پَشِچن: گھر میں آٹا اور لکڑی ہو تو غریبی محسوس نہیں ہوتی۔ (کہاوت)۔

آئیندَہ: دوبارہ۔ مستقبل میں۔ (تابع فعل)۔

آئیس کَریم: آئس کریم۔ (ا۔وا۔مذ)۔

ا ۔ ب

اَ: رک۔ نہ کر۔ (ف۔نہی)۔ (حر۔تنبیہ)۔

اَ تھَوءِک: منع کرنا۔ روکنا۔ (مص۔متعدی)۔

اَبہ: بوسہ۔ (بچوں کی بولی)۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اَبہ تھَوءِک: بوسہ لینا (بچوں کی بولی)۔ (ف۔متعدی)

اَبہ چھکو : کم خور۔ پیٹو کا متضاد۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَباتو : سست۔کاہل۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَبَتی : سستی۔کاہلی۔(حا۔مص)۔

اَبتیٔ تھوءِک : سستی کرنا۔کاہلی کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَباتیٔ سِسّیر شوٹ، تینیٔ ڈیر یر شوٹ : کاہل کے سر پر گومڑ، طرار کا پیٹ بھرا ہوا۔ (محاورہ)۔

اَباتیٔ نر وائی، تینیٔ دُروائی : کاہل کو نیند آئے گی، طرّار کو نیند نہ آئے۔(محاورہ)۔

اَباتو کھو کیئِٹ، تینو تھو کیئِٹ : کاہل کھانے کے لئے، تیز آدمی کام کے لئے۔(محاورہ)۔

اِبادَت : عبادت۔(ا۔وا۔مث)۔

اَبَت : ابد۔(ا۔وا۔مث)۔

اَ بَتیٔ چھک : ابد کے دن۔محشر کے دن۔(ا۔ظ۔زماں)

اِبتدا : آغاز۔(ا۔وا۔مث)۔

اِبتدائی : آغاز کا۔ابتدا کا۔(متعلق فعل)۔

اُباک : ڈکار۔(ا۔وا۔مث)۔

اُباک وِیوءِک : ڈکارنا۔(مص۔متعدی)۔

اُبال : گناہ۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُبالئی کوم : گناہ کا کام۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُبالئیٔ جیل : گناہ کی زندگی۔(ا۔وا۔مث)۔

اَبر وءِک : کمزور ہونا۔صحت گرنا۔غم سے دبلا ہونا(متعدی)۔

اَبر روءِک : غم دے کر کمزور کرنا۔کمزور کرانا(متو۔متعدی)۔

اَبِرجی : کمزور ہو کر۔(متعلق فعل)۔

اَبرک : ابرق۔ایک دھات۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَبَس : عبث۔ضائع۔ (ا۔وا۔مث)۔

اَبَس بوءِک : ضائع ہونا۔(مص۔لازم)۔

اُبَش : معدے کی غلاظت۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُبَش بوت : ہضم نہ ہو(بددعا)۔

اُبَش پچر تھَر وءِک : معدے کی غلاظت نکلوانا(متعدی)

اُبَش بوت : ہضم نہ ہو۔(کوسنا۔بددعا)۔

اَبَش : مشکل۔گران۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَبَش تھوءِک : رکاوٹ ڈالنا۔مشکلات میں ڈالنا۔

اَبَش بوءِک : مشکل ہونا۔اُلٹا ہونا۔رکاوٹ ہونا۔

اَبشیٔ کُنالی : مشکل میں کام آنے والا۔تکلیف کا ساتھی۔

اَبلک : ابلق۔سیاہ اور سفید رنگ کا گھوڑا۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِبلِیس : شیطان ۔ (ا ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَبۂم : الٹا ۔ مشکل ۔ غیر موزوں ۔ (ا ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَبۂم بَنَو عِک : الٹا پہننا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَبۂم بُجَو عِک : غلط ہونا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اَبۂم پھَرَ وعِک : الٹا کرنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَبۂم پَرُجَو عِک : غلط سننا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اَبۂم دِشْ : الٹی جگہ ۔ مشکل جگہ ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مث)

اَبۂم سِچَو عِک : غلط سیکھنا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اَبۂم کوْم : غلط کام ۔ (ا ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَبۂم مَوْر : الٹی بات ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اَبۂم یَیوَ عِک : الٹا چلنا ۔ غلط چلنا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اَبۂم سِبۂم تھَو عِک : الٹا سیدھا کر کے رکھ دینا ۔ کام بگاڑنا ۔ چیزیں منتشر کرنا ۔ (محاورہ) ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَبۂم وَلَو عِک : مشکل میں ڈالنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَبَیَوَ : بادلِ ناخواستہ ۔ نہ چاہتے ہوئے ۔ (تابع فعل) ۔

ا ۔ پ

اُپَو عِک : گم جانا ۔ غائب ہونا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اُپَتَوْ : غائب ہوا ۔ (ا ۔ فاعل) ۔

اُپِجَو عِک : غائب ہونا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اُپَنِی : غیبت ۔ گمشدگی ۔ (حا ۔ مص) ۔

اُپیَر وعِک : غائب کرانا ۔ (ف ۔ متعدی) ۔

اُپَیئیک : غائب ہونے والا ۔ (ا ۔ فاعل) ۔

اُپیَر ئیک : غائب کرانے والا ۔ (ا ۔ فا ۔ متعدی ۔ وا ۔ مذ)

اَپَسَر : افسر ۔ (ا ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَپھَت : آفت ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اَپھُوَا : افواہ ۔ گپ ۔ مشتبہ خبر ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اِپھتَار : افطار ۔ روزہ کھولنے کا وقت ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اَپھُرَ ڈْ : نہ دبا ہوا ۔ ڈھیلی بھرائی ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَپھیَرَ ڈْ : ناتجربہ کار ۔ نادان ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَپھَرَ ڈْٹَوْ : مشکل ۔ الجھا ہوا ۔ سخت مزاج ۔ (محاورہ) ۔

اَپھَرَ وِٹی : الجھی ہوئی ۔ مشکل ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مث) ۔

اَپھُرَ ٹَو عِک پیچیدہ ہونا ۔ مشکل ہونا (مص ۔ لازم) ۔

اِپھیَوَ عِک : پہنچنا ۔ (ف ۔ لازم) ۔

اِپھیَرَ وعِک : پہنچانا ۔ (ف ۔ متعدی) ۔

اِپھٹنگ : پہنچا ہوا۔(ا۔فاعل)۔

اِپھیرا یُتنگ : پہنچایا ہوا۔(ا۔فاعل۔متعدی)۔

اِپھَینیٔ : پہنچ۔رسائی۔(حا۔مص)۔

اِپھایَن : آمد۔پہنچ۔(حا۔مص)۔

اَپھِیم : افیون۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اَپھِیمیٔ : افیمی۔(ا۔فا۔وا۔مذ)۔

اَپھِیم کھوعِک : افیون کھانا۔(ف۔متعدی)۔

اَپھِیم پیوعِک : افیون پینا۔(ف۔متعدی)۔

اَپھُنوعِک : حواس میں نہ ہونا۔بھول پن۔(مص۔لازم

ا۔ت

اَتر : عطر۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَتر گوٗن : عطر کی خوشبو۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَتر نِکھلوعِک : عطر کشید کرنا۔ (مص۔متعدی)۔

اَتاک : اتنا۔اس قدر۔(صف۔مقداری)۔

اَتتو : اتنا۔اس قدر۔(صف۔مقداری)۔

اَتو ٹوٗ : اپنی بات منوانے والا۔ضدی۔من مانی کرنے والا۔

اِتبار : اعتبار۔(ا۔وا۔مث)۔

اِتبار تھوعِک : اعتبار کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِتہاد : اتحاد۔(ا۔وا۔مث)۔

اِتکاد : اعتقاد۔(ا۔وا۔مث)۔

اِتلأ : اطلاع۔(ا۔وا۔مث)۔

اِتلأ دوعِک : اطلاع دینا۔(مص۔متعدی)۔

اُتل : گلیشئر کے اوپر راستہ۔(ا۔وا۔مث)

اَتولِی رُوئیں سۓ تؤمۓ کھائیٔ : بیمار چڑیل اپنوں کو کھائے۔(محاورہ)۔

اُتھال : بلند پروازی۔فضا میں اونچی اڑان۔(ا۔صف)۔

اُتھال دوعِک : بلند ہونا۔ترقی کرنا۔(مص۔متعدی)۔ محاورہ۔

اُتھیرَ وعِک : جگانا۔(مص۔متعدی)۔

اُتھیوعِک : جاگنا۔کھڑا ہونا۔(مص۔لازم)۔

اُتھینیٔ : اٹھان۔اڑان۔(حا۔مص)۔

اُتھیتنگ : اٹھا ہوا۔جاگا ہوا۔(ا۔فاعل)۔

اُتھیریتنگ : جگایا ہوا۔(ا۔مف۔متعدی)۔

اُتھیرییک : جگانے والا۔(ا۔فا۔متعدی)۔

اُتھیَنِک : جاگنے والا۔(ا۔فاعل)۔

اُتھَلَوٗ : بلند۔اونچا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اُتھَلِیٖ : اونچی۔بلند۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اُتھلو ڈِم : بلندقد۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اُتِھیلَو ءِک : بلندہونا۔جنون ہونا۔(مص۔لازم)۔

اُتھَلُوٗبو ءِک : دماغ پھر جانا۔(مص۔لازم)۔

اِتپھاک : اتفاق۔(ا۔وا۔مث)۔

اِتپھاک تھَو ءِک: اتفاق کرنا۔متحد ہونا(ف۔متعدی

اُتھَلَوٗ تَو مِینَج اونٗشی سَاچی : اونچے درخت کو ہوا لگتی ہے۔(محاورہ)۔

اُتھَلِیٖ دِش :اونچی جگہ۔(ا۔صف۔ظر۔مکاں)۔

اُتھلِیَار : بلندی۔(حا۔مص)۔

اُتھَال دَو ءِک: بلند ہونا۔ترقی کرنا۔(ف۔متعدی)

اُتھِیَاک بیَاک : رہن سہن۔ثقافت۔(حا۔مص)۔

اُتھِنَو ءِک: سوجنا۔ورم پڑنا۔(مص۔لازم)۔

اُتھنَر رو ءِک: سُجانا۔(مص۔متعدی المتعدی)۔

اُتھَنجو ءِک: سوجن ہونا۔پھول جانا۔(مص۔لازم)۔

اَتھَیرَ و: لاپرواہ۔غافل۔انوکھا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَتھَیرِ ئی: لاپرواہ۔غافل۔انوکھا۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

ا ۔ ٹ

اَٹو ءِک : لانا۔(مص۔متعدی)۔

اَٹےٗ : لا۔لے آؤ۔لاؤ۔(ف۔امر۔وا۔مخاطب)۔

اَٹےؕا :لاؤ گے کیا؟۔(سوالیہ۔)۔

اَٹےؕ : لانے کے بعد۔لاکر۔(متعلق فعل)۔

اَٹَر و ءِک :منگانا۔اخروٹ یاشکار کو گرانا۔(مص۔متعدی)۔

اَٹرئیک: منگانے والا۔(ا۔فاعل۔متعدی)۔

اَٹیتیک ؍اَٹئیک :لانے والا۔(ا۔فاعل)۔

اَٹرِیتُک : منگایا ہوا۔منگوایا ہو۔(ا۔مف۔متعدی)۔

اَٹرنیٗ :منگانے کا عمل۔(حاصل مص)۔

اَٹیتُک : لایا ہوا۔(ا۔مفعول)۔

اَٹئیک : لانے والا۔(ا۔فاعل)۔

+ اَٹم : میں لاؤں گا۔(ف۔مستق۔وا۔متکلم)۔

+ اَٹاتْ : تم لاؤ گے۔(ف۔مستق۔جم۔مخاطب)۔

اَٹَیْن : وہ لائیں گے۔(ف۔مستق۔جم۔غائب)۔

ا ۔ ج

اِجَازَت : اجازت۔(ا۔وا۔مث)۔

اِجَازَت لُکھَوعِک: اجازت طلب کرنا۔(ف۔متعدی)

اِجَازَت رِگنوعِک: اجازت لے لینا۔(ف۔متعدی)

اِجَازَت دَوعِک: اجازت دے دینا۔(ف۔متعدی)

اِجَازَت نِچھَوعِک: اجازت مانگنا۔(ف۔متعدی)

اِجَٹ : اوپر کو۔(تابع فعل)۔

اِجَٹ تھُو تھِگَوت تَوَم مُکھَیٹ: اوپر کو تھوکنا اپنے منہ پر لگتا ہے۔(محاورہ)۔

اِجَٹ گنیو بَٹ وٗ ائی ،مَوٗرنَے وٗ ائی: اوپر پھینکا ہوا پتھر واپس آئے گا، بات نہیں آئے گی۔(محاورہ)۔

اَجَل : اجل۔موت۔(ا۔وا۔مث)۔

اِجِلِیْ : بھیڑ۔(اِجلیے۔جمع۔بھیڑیں)۔

اِجلَوٗ مَوٗس : بھیڑ کا گوشت۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اِجلیٰ یَاَت: بھیڑ چال۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اِجِیْ : اوپر۔مستزاد۔(تابع فعل)۔

اَجِیْ بَیَٹ : لگاتار۔مسلسل (متعلق فعل)۔

اَجُوْ : اس سال۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اَجَیْنُو کَال :اگلے سال۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اَجِیٰ پَر : اوپر سے۔(ا۔ظر۔مکاں)۔تابع فعل۔

اَجِیْ دِجَوعِک: حمایت کرنا۔اوپر پڑنا۔(مص۔لازم)۔

اَجِیٰ دِجَوعِک : چھلکنا (overflow)۔(مص۔لازم)

اَجِیْ دَوعِک :اوپر اوڑھنا۔(ف۔متعدی)۔

اَجِیْ گُسّ : لحاف۔رضائی۔کمبل۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَجَیْنَوْ : اوپر والا۔دوسرا۔(ا۔ظر۔مکاں)۔تابع فعل۔

اَجَنَوْ :اوپر سے۔(ا۔ظر۔مکاں)۔تابع فعل۔

اَجَنَاٗ : اوپری۔(تابع فعل)۔

اَجَنَاٗ شکِنَوْ :اوپر اوپر سے۔(متعلق فعل)۔

اَجَر بَوعِک: ثواب ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَجَر لُکھَوعِک : صلہ مانگنا۔(مص۔متعدی)۔

اَجَر بَگَوعِک: ثواب بانٹنا۔(مص۔متعدی)۔

اَجَر دَوٗت : اجر دے۔(دعائیہ کلمات)۔

اَجَوْنَوْ : (صف۔مذ)اجنبی۔ناواقف۔(ا۔صف۔وا۔مذ

اَجُونُوتھو ءِک: نامانوس جاننا۔اجنبی سمجھنا۔(م۔متعدی)۔

اَجل وَیو ءِک: اجل آنا۔(مص۔لازم)۔

اِجیلیٖ: بھیڑ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِجیلےٖ: بھیڑ۔(ا۔جم۔مث)۔

اَجُونُوبُوءِک: اجنبی ہونا۔عجیب لگنا۔(مص۔لازم)۔

اَجُونُو: اجنبی۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَجُونُوبوءِک: اجنبی ہونا۔(مص۔لازم)

اَجُونیٔ: اجنبیت۔(حاصل مص)۔

اِجیب: عجیب۔انوکھا۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَجب: عجب۔انوکھا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَجبگ رَیو ءِک: انہونی بات کہنا۔(مص۔متعدی)۔

اَجبگ تھو ءِک: کمال کا کام کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَجباک رَیو ءِک: عجب بات کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِجِی تل کھِرِی پتَر: اوپر چھت، نیچے خاک۔غربت (محا)۔

ا ۔ چ

اَچاٹ: اب تک۔اس وقت تک۔(تابع فعل)۔

اَچاچُو: کم ظرف۔کھانے کا حریص۔(ا۔صف۔وا۔مذ)

اَچاچُوبُوءِک: ہلکا ہونا۔حریص ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَچاک بوءِک: اتنا ہونا۔اس قدر رہونا۔(متعلق فعل)

اَچاک: اتنا۔اس قدر۔(ا۔صف۔مقداری)۔

اَچاکَک: اتنا سا۔اس قدر۔(صف۔مقداری)۔

اَچُوکَک: تھوڑا سا۔ذرہ بھر۔کم۔(صف۔مقداری)

اَچُوک جَیک: اتنا کچھ۔تھوڑا کچھ۔(صف۔مقداری)

اَچاک بُوسنگ: اب تک۔تاحال۔یہاں تک۔(تا۔فعل)۔

اَچانک: اچانک۔یک لخت۔(ا۔صف)۔

اُچت بوءِک: ہٹیلا ہونا۔مغرور رہونا۔مستی کرنا(لازم)

اُچُوءِک: چننا۔جمع کرنا۔(مص۔لازم)۔

اُچنِی: چناؤ۔انتخاب۔(حا۔مص)۔

اُچَر وءِک: چنوانا۔منتخب کرانا۔(مص۔متعدی المتعدی)

اَچُوک: فوری۔اچانک۔جلدی سے۔(متعلق فعل)۔

اَچُوءِک: دریا میں داخل ہونا۔پانی داخل ہونا(ف۔لازم)۔

اَچم: میں داخل ہوں گا۔(وا۔متکلم)۔

اَچنگ: داخل ہونے والا۔(ا۔فاعل)۔

اَچَریگ: داخل کرنے والا۔(ا۔فاعل)۔

اَچَرِیتنگ : داخل کرانے والا۔(ا۔مفعول)۔

اَچَرو ءِک : داخل کرانا۔گھسانا۔(ف۔متعدی)۔

اَچانک :اچانک۔ایک دم۔(ا۔وا۔مث)۔

اُچت بو ءِک: کسی کو نظروں میں نہ لانا۔(مص۔لازم)۔

اُچو : چمٹا۔آتشگیر۔(ا۔آلہ۔وا۔مذ)۔

اَچُو : آج (نگری بولی)۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اُچیس : پیٹ پھولنا۔سوجھنا۔(ا۔وا۔مث)۔

اُچیس بو ءِک: پیٹ کا پھول جانا۔(مص۔لازم)۔

اَچُوس تھو ءِک: شوروغوغا کرنا۔دلہا کے ناچتے وقت شور کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَچُوس تھَرو ءِک: دیٔل کو نچانے کے لئے شوروغوغا کرنا۔(مص۔متعدی المتعدی)۔

اُچِیس بو ءِک : حسد کرنا۔رقابت کرنا۔(ف۔لازم)۔

اَچُوس :شوروغل۔(ا۔وا۔مث)۔

اَچُوس تھینگ :شوروغل کرنے والے تماشائی۔(ا۔فاعل)۔

اَچُورن بو ءِک: زیادہ کھا کر پیٹ میں مروڑ ہونا(مص۔لازم)۔

اَچُوک اَکَی :فوراً ہی۔ایک دم سے۔(تابع فعل)۔

اَچھا: ٹھیک۔درست۔بجا۔(ا۔صف)۔

اَچھَراٹو: حواس باختہ۔بدحواس۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَچھَراٹی: حواس باختہ۔بدحواس۔(ا۔صف۔وا۔مث)

اَچھَرو ءِک: حواس باختہ ہونا۔(ف۔لازم)۔

اَچھَررو ءِک : حواس باختہ کرانا۔(مص۔متعدی)۔

اَچھَرہ : بے حواس۔پاگل۔حواس باختہ۔(ا۔صف)۔

اَچھَرِیتو : گھبرایا ہوا۔حواس باختہ۔(ا۔صف)۔

اَچھَرِجی: حواس باختہ ہوکر۔(متعلق فعل)۔

اَچھَرِجی اَوْرَے پیرَے بو ءِک: بدحواس ہوکر اوٹ پٹانگ ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَچھَرِی جَیک: حواس باختہ ہونے والا (ا۔صف۔مف)۔

اَچھَرنی : بدحواسی۔حواس باختگی۔(حا۔مص)۔

ا ۔ خ

اَخک: متلی۔قے۔کراہت۔(ا۔وا۔مث)۔

اَخک بو ءِک: متلی ہونا۔نفرت ہونا۔کراہت ہونا۔(مص۔لازم)۔محاورہ۔

اَخھَرو : نادان۔کم عقل۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

ا ۔ چ

اُچوِ عِک : بھاگنا۔رفو چکر ہونا۔ (ف۔لازم)۔

اُچِنیٖ : بھاگ۔دوڑ۔(حاصل مص)۔

اُچُتُک : بھاگا ہوا۔(ا۔فاعل)۔

اُچِنیک : بھاگنے والا۔(ا۔مف)۔

اُچَر وعِک : بھگانا۔اغوا کرنا۔(ف۔متعدی)۔

اُچَر نیک : اغوا کرنے والا۔ بھگانے والا۔(فا۔متعدی)۔

اُچِرِیتُک : بھگایا ہوا۔مغوی۔(ا۔مف۔متعدی)۔

اِچِیٖ : پرسوں (گذشتہ)۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اُچُونیٖ : گلہری کی نسل کا جنگلی جانور۔(marmot)۔

اِچُونیٖ : مادہ ریچھ۔(ا۔وا۔مث)۔

اُچِییٖ : بھاگ کر۔(متعلق فعل)۔

اُچِیٖ : پرسوں (گذشتہ)۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اِچِّے : جنگلی اسٹرابری۔(ا۔جم۔مث)۔

اَچھوٗ : اخروٹ کا مغز۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَچھوئیٖ : (ا۔مث) اخروٹ کا درخت۔(ا۔وا۔مث)

اَچھیموٗ : بدکردار۔بدچلن۔بدمعاش۔شریر۔(ا۔صف)۔

اَچھیمیٖ : بُرا فعل۔بدچلنی۔شرارت۔(حا۔مص)۔

اَچھوئی ہئِن تو بَٹِگا دَیِن : اخروٹ کا درخت ہے تو پتھر آوٗ ہوگا۔(محاورہ)۔

اَچھیٖ : آنکھ۔شگوفہ۔ہل نال کو جوڑنے والی لکڑی کا سوراخ۔

اَچھیٖ : چشمہ۔چشمے کا ماخذ۔(ا۔وا۔مث)۔

اَچھییٔ نَٹھَر وعِک : نخرے دکھانا۔عشوہ کرنا۔(محاورہ)۔

اَچھییٔ مَر اَک تھوعِک : آنکھ بچانا۔آنکھیں پھیر لینا۔ (مص۔متعدی)۔

اَچھییٔ پھُچو عِک : آنکھ پھوٹنا۔نہ دیکھ سکنا۔(محاورہ)

اَچھییٔ جَپ تھوعِک : شرمانا۔بنا سوچے کام کرنا۔(محا)

اَچھییٔ پَشَر وعِک : رعب جمانا۔آنکھیں دکھانا۔(محاورہ)

اَچھییٔ ڈَوک بَو عِک : نظریں دو چار ہونا۔۔محبت ہونا۔

اَچھییٔ سَنگ بَو عِک : آنکھیں روشن ہونا۔(محاورہ)۔

اَچھیٖ گنیٔ پَشو عِک : چشم دید۔آنکھ سے دیکھ لینا۔(محا)۔

اَچھیٖ شَو عِک : خاطر میں نہ لانا۔رعب جمانا۔ (ف۔متعدی)۔

اَچھیٖ چِک تھوعِک : آنکھ مارنا۔(ف۔متعدی)۔

اَچھِکُنیاَ دَوءِک: آنکھ مارنا۔(ف۔متعدی)۔

اَچھِیْ تھرِک تھَوءِک: میلی آنکھ سے دیکھنا۔(محاورہ)۔

اَچھِیْ پرَسّ بوَءِک: آنکھ پھوٹنا۔(مص۔لازم)۔

اَچھِیْ پھُٹ تھَوءِک: آنکھ کھولنا۔(ف۔متعدی)۔

اَچھِییَ چَار تھَوءِک: انتظار کرنا۔راہ دیکھنا(ف۔متعدی)

اَچھِییَ تِلَیج شَوءِک: حالت نزع طاری ہونا۔
(مص۔متعدی)۔

اَچھِییَ مَرَک تھَوءِک: نظریں پھیر لینا۔(مص۔متعدی)۔

اَچھِیْ لِسّ بوَءِک: مرجانا۔(محا)۔(مص۔لازم)۔

اَچھِیْ دَوءِک : نظر لگانا۔(مص۔متعدی)۔

اَچھِیْ دِجَوءِک: نظر لگنا۔(مص۔لازم)۔

اَچھِیْ ہَنُگ: ۔سمجھ رکھنے والا۔عاقل۔(محاورہ)۔

اَچھِیْ نےٗ کرِجَوءِک: آنکھ نہ ٹھہرنا۔نظر نہ جمنا۔(محا)۔

اَچھِیْ جَاپ نےٗ بوَءِک: نیند نہ آنا۔(محاورہ)۔

اَچھِیْ نےٗ وَلوءِک: وقعت نہ دینا۔کمزور جاننا۔کم حیثّیت
سمجھنا۔(مص۔متعدی)۔

اَچھِیْ اَچھِیوَر: آنکھوں آنکھوں میں بات کہنا۔(محا)۔

اَچھِیوَ ج بیَر وءِک: آنکھوں پر بٹھانا۔قدر کرنا۔(محا)۔

اَچھِیوَر پھَرِیْ جَوءِک: آنکھوں میں پھرنا۔(محا)۔

اَچھِیوَ سَانْتی شَوءِک: آنکھوں سے لگانا۔(محا)۔

اَچھِیکَوٹےْ :ابرو۔ (ا۔جم۔مذ)۔

اَچھِیْ پِٹیےَ: پپوٹے۔(ا۔جم۔مث)۔

اَچھِییَ ٹنگ بوَءِک: ۔دکھائی نہ دینا بصارت ختم ہونا۔
(مص۔لازم)۔

اَچھِیْ ٹھگ بوَءِک: آنکھ پھڑکنا۔(شگون)۔

اَچھِیوَ مُوْچھِوٗ بیَوءِک: نظروں کے سامنے روبرو رہنا۔

اَچھِیْ گرَےَ گہَ نےٗ تِشُن: آنکھ کبھی سیر نہیں ہوتی۔

اَچھِیْ تھَےْ: دیکھ۔اب تیار رہ۔اب انتظار کر۔(تابع فعل)۔

اَچھِیْ پھُوْٹ تھَوءِک: پیدا ہونا۔جنم لینا۔(متعدی)۔

اَچھِیوَر سُم دَال: چشم بددور۔نظر نہ لگے۔(حر۔ندبہ)۔

اَچھِیوَر لَیْل توَ بوَءِک: آنکھوں میں خون اترنا۔غصہ
ہونا۔(مص۔لازم)۔محاورہ۔

اَچھِیوَر کھرِ جَوءِک: نظروں میں کھٹکنا(ف۔لازم)۔

اَچھِییَ دِسَرَ وءِک: آنکھیں بچھانا۔(ف۔متعدی)۔

اَچھیےَ گنگ تھَو ءِک: آنکھوں کا ڈبڈبانا۔(محاورہ)

اَچھِیْ ڈِپ تھَے' پھُٹیٹ: پلک جھپک میں۔فوراً۔(محا

اَچھِیےَ تلَیج سوءِک: جان کنی۔علامات مرگ ظاہر ہونا۔
(محاورہ)۔

اَچھِیےَ زَزَٹ تھَوءِک: ہکابکا ہونا جواب نہ دے سکنا۔
(محاورہ)۔

اَچھِیْ ہُن نےَ تھَوءِک: شرمندہ کرانا۔بے عزتی کرنا۔

اَچھِیوَ کچِیس بوءِک: آنکھ میں تنکا بننا۔برا لگنا۔(محاورہ)۔

اَچھِیوَ کُموٗ دَپَر وَیوءِک: پلکوں میں کھٹکنا۔(محاورہ)۔

اَچھِیوٗ لولیاٗر: آنکھوں کی سرخی۔آنکھ کی لالی۔(ا۔وا۔مث

اَچھِیےَ نِیلَو دَبوَنیَ دُشمَن: نیلی آنکھوں والا مالک کا دشمن
ہوتا ہے۔(محاورہ)۔

اَچھِیْ گِئےْ پَشِی توَ: چشم دید۔دیکھا ہوا۔(ا۔صف)۔

اَچھِیےَ شِلَو ءِک: آنکھیں دکھنا۔آشوبِ چشم
ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَچھِیوَر: آنکھوں میں۔(حا۔جاری)۔

اَچھِیوَر پھُک پوَءِک: آنکھوں میں موتیا اترنا۔
(مص۔لازم)۔

اُچھِیوَر جَل وَیوَءِک: آنکھوں میں سفید پردہ پھیلنا۔
(مص۔لازم)۔

اُچھِاٗئیَ: لے لو۔ہاتھ بڑھاؤ۔تھام لو(ف۔امر۔وا۔متکا)۔

اُچھِیَ: کسی کے ہاتھ سے اٹھانے یا لینے کے بعد(تابع فعل)۔

اُچھِوءِک: لے لینا۔(مص۔متعدی)۔

اُچھِیوَءِک: ہاتھ بڑھا کر لے لینا۔ذرا تھامنا۔
(مص۔متعدی)۔

اُچھِیرَ وءِک: کسی کے ساتھ اٹھوانا(م۔متعدی المتعدی)۔

اُچھِاوَ: ہوا۔(scare crow)۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُچھِاوَبوَءِک: مبہوت ہونا۔بے حرکت ہونا۔(محا)۔

اُچھِرَ وءِک: سپردگی دینا۔حوالہ کرنا۔(مص۔متعدی)

اُچھِچرَ وءِک: پہنچا دینا۔(م۔متعدی المتعدی

اَچھِیےَ پچھوءِک: آنکھیں مانگنا۔عقل طلب کرنا۔(لازم)

اَچھِیےَ نِکھَلوءِک: آنکھیں نکالنا۔(مص۔متعدی)۔

اَچھِیےَ بِبٹ تھَوءِک: ٹکرٹکر دیکھنا۔لاچاری ظاہر کرنا۔

اَچھِیْ گرَےْ: عینک۔چشمے۔(ا۔وا۔مث)۔

اَچھِیْ گرَے سَوءِک: عینک لگانا۔(مص۔متعدی)۔

اَچھِیَے نیِلَو دَبوَنیَ دُشمَن : نیلی آنکھوں والا مالک کا دشمن

اَچھِیَو جُوِ گُو بیَوءِک :کوئی اچھی خبر یا چیز ہاتھ لگے۔ (شگون)۔

اَچھِیَو جو دُوٗرتو ہِیَّیے جو گہ دُوٗر: آنکھ سے دور تو دل سے بھی دور (محاورہ)۔

اَچھُونو :سوراخ۔(ا۔مکبر۔مذ)۔

اَچھُونِیْ :سوراخ۔(ا۔مصغّر۔مث)۔

اَچھُن پوٗوٗ: سوراخ والا۔چھید والا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَچھُونےَ شوٗربوءِک: چھید بھرا۔سوراخوں سے اٹا ہوا (مص۔لازم)۔

اُچھَچوءِک: پہنچنا۔(مص۔لازم)۔

اُچھَچرَ وءِک: پہنچانا۔(مص۔متعدی)۔

اُچھَچیک : پہنچنے والا۔(ا۔فاعل)۔

اُچھَچرَ ئیک: پہنچانے والا۔(ا۔فاعل۔متعدی)۔

اُچھَچرِ یتُگ : پہنچایا ہوا۔(ا۔فا۔متعدی المتعدی)۔

اُچھَتُگ : پہنچا ہوا۔عارف۔بزرگ۔(ا۔فاعل)۔

اُچھایَگ :کسی کے ہاتھ سے کوئی شے لے لینے والا۔(ا۔فا

ا ۔ د

اَدَا: ادا۔طور۔انداز۔نخرہ۔ (ا۔وا۔مث)۔

اَدَاٗ: اِدھر سے۔اس طرف سے (بطور سابقہ)۔

اَدَےْ :اس طرح۔اس طرف۔اِدھر کو(بطور سابقہ)۔

اَدَاتھَوءِک: ادا کرنا۔چکانا۔(مص۔متعدی)۔

اَدَالَت :عدالت۔(ا۔وا۔مث)۔

اَدَالَت تھَوءِک :انصاف کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَدَالَت گنَوءِک: عدالت سے رجوع کرنا۔(ف۔متعدی)۔

اَدَاوَت : عداوت۔کینہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اداوَت تھَوءِک :عداوت کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَداوَت گنَوءِک: دل میں عداوت رکھنا۔(م۔متعدی)۔

اَدَالَت شَیِ تھِیگیَن :انصاف اندھا ہوتا ہے۔(محاورہ)۔

اِدَّت: عدّت۔مطلقہ یا بیوہ کا ایک مدت تک گھر میں رہنا۔

اُدَاچو: گھرائی کا سونٹا۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَدَاٗپَر :ادھر سے۔یہاں سے۔(تابع فعل)۔

اَدِچو :بدشکل۔بدصورت۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَدِچیاٗر : بدصورتی۔(حا۔مص)۔

اَدَجَوعِک : بدشکل بننا۔ بری لگنا۔ (مص۔لازم)۔

اُدُوٗ : گرد۔غبار۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اُدُوٗتھَرَوعِک : گرداڑانا۔ (مص۔متعدی)۔

اُدُوَیر : گردوغبار میں۔ (تابع فعل)۔

اَدِت : اتوار۔ (ا۔ظر۔زماں)۔

اَدِتئیٔ دَیز : اتوار کادن۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اَدِتئیٔ چھک : اتوار کے دن۔ (تابع فعل)۔

اَدِت نگرَوٗہَن : کام کے آغاز کے لئے اتور بھاری ہے۔

اَدَائِن : یہاں۔ (ا۔ظر۔مکاں)۔

اَدَانیٗو : یہاں سے۔اس جگہ سے۔ (متعلق فعل)۔

اَدَانٹے : ادھر کو۔اس جگہ کو۔ (متعلق فعل)

ادرس : ایک قیمتی کپڑا۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اُدُم پھوش تھَرَوعِک : خوب گرداڑانا۔ (ف۔متعدی)

اُدُم ٹنگ بوعِک : گردوغبار سے اندھیرا چھاجانا (لازم)

اَدے : ایسا۔ایسی۔ (تابع فعل)۔

اَدے بےٗ : ادھر سے۔ایسے۔اس طرح۔ (متعلق فعل)

اَدے تھے : اس طرح کر کے۔ایسا کر کے (متعلق فعل)

اَدَے بوعِک : ایسا ہونا۔اس طرح ہونا۔ (ف۔لازم)۔

اَدَے تھَوعِک : ایسا کرنا۔اس طرح کرنا (ف۔متعدی)۔

اَیئے بےٗ : اُدھر سے۔اس طرح۔ (متعلق فعل)۔

اَیئے تھے : ویسا کرو۔ (متعلق فعل)۔

اَیئے بوٗ : ویسا ہوجا۔ (متعلق فعل)۔

اُدَوٗ : احمق۔بے وقوف۔ (ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَدَپ : ادب۔تمیز۔ (ا۔وا۔مث)۔

اَدَپ کیسئے جو سِچِیلو تھِگیت ، بے اَدَپئے جو : ادب کس سے سیکھا ہے پوچھیں تو کہنا بے ادب سے سیکھا (کہا)۔

اَدَپ تھَوعِک : ادب کرنا۔تعظیم کرنا۔احترام کرنا۔

اَدَپ چَن : مہذب۔تمیزدار۔ (ا۔صف۔وا۔مذ/مث)۔

اَدَپ تھَئیک : ادب کرنے والا۔احترام کرنے والا۔ (فا)۔

اَدَپ سِچَئیک : ادب سیکھنے والا۔ (ا۔فاعل)۔

اَدَپ سِچَرَئیک : ادب سکھانے والا۔تربیت کرنے والا۔ (ا۔فا۔متعدی)۔

اَدَپئیٗ مَوٗر : مہذب کلام۔احترام کی بات۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اَدَیْش :فرمائش ـ حکم ـ (ا ـ وا ـ مث)۔

اَدَیْش تھَو عِک: فرمائش کرنا ـ حکم دینا ـ (ف ـ متعدی)

اَدَیْش تَھیک :فرمائش کرنے والا ـ (ا ـ فاعل)۔

اُدو: کم عقل ـ بیوقوف ـ (ا ـ صف ـ وا ـ مذ)۔

اُدِیْ: نکمی ـ بیوقوف ـ (ا ـ صف ـ وا ـ مث)۔

اُدُوْ : گرد ـ (ا ـ وا ـ مذ)۔

اُدُوْتھَرَ وعِک: گرداڑانا ـ (مص ـ متعدی)۔

اَدل بَدَل: الٹ پھیر ـ (ا ـ وا ـ مث)۔

اَدل بَدَل تھَو عِک: الٹ پھیر کرنا ـ (ف ـ متعدی)۔

اَدُوک : اس طرح کا (مذ)ـ (متعلق فعل)۔

اَدِیک : اس طرح کی (مث)ـ (متعلق فعل)۔

ا ـ ڈ

اَڈَہ :اڈہ ـ (ا ـ ظر ـ مکاں)۔

اُڈُوْر : کھرلی ـ اوکھلی ـ ہاون ـ (ا ـ آلہ ـ وا ـ مذ)۔

اُڈُوْرِیْ :ہاون ـ (ا ـ آلہ ـ جم ـ مذ)۔

اُڈُوْر : تلاش ـ جستجو ـ (ا ـ وا ـ مث)۔

اُڈُوْرتھَو عِک: تلاش کرنا ـ ڈھونڈنا ـ (ف ـ متعدی)۔

اُڈُوْرتھَئیک : تلاش کرنے والا ـ (ا ـ فاعل)۔

اُڈُوْرتھَرَ ئیک: تلاش کرانے والا ـ (ا ـ فاعل ـ متعدی)۔

اُڈُوْرتھَرِ یتُک : تلاش کرایا ہوا ـ (ا ـ مف)۔

اُڈُوْرتھگوٗت دبُون گہ لِیٰ جَبین : تلاش کرنے سے خدا بھی ملتا ہے ـ (محاورہ)۔

اُڈُوْرسےٗ تیٖل کھائیٰ ،مُذَل سےٗ تھُکیٰ: اوکھلی تیل کھائے اور ڈھینکلی تھوک چاٹے ـ (محاورہ)۔

اُڈُوْرتھیتُک :وہ جس کو ڈھونڈا گیا ـ (ا ـ مفعول)

اُڈُوْرتھیتُک :وہ جس نے ڈھونڈا ـ (ا ـ فاعل)

اُڈَروعِک: ڈھونڈنا ـ (ف ـ متعدی)۔

اُڈَرَئیک : تلاش کرنے والا ـ (ا ـ فاعل)۔

اُڈَرِیتُک: تلاش کیا ہوا ـ (ا ـ مف)۔

اُڈَرنیٖ : تلاش ـ جستجو ـ (حا مص)۔

اُڈُوْس تھَو عِک: پیشاب خشک کرنا ـ (ف ـ متعدی)۔

ا ـ ذ

اَذَان : اذان ـ (ا ـ وا ـ مذ)۔

اذانیٖ : اذانیں ـ (ا ـ جم ـ مذ)۔

اَذِیت : اذیت ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِذَا : طعنہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِذَائِی :طعنے۔(ا۔وا۔مث)۔

اِذَادوعِک: طعنہ دینا۔جھڑکنا۔(ف۔متعدی)۔

ا ۔ ر

اَرّ: ڈر۔خوف۔(ا۔وا۔مث)۔

اَرَابہ: بچوں کو چلنے میں سہارا دینے والا کھلونا۔

اُرَا: چھپا۔پوشیدہ۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اُرَابوعِک: آنکھ سے اوجھل ہونا۔ (مص۔لازم)۔

اُرَاتھَر وعِک: چھپانا۔نظروں سے پوشیدہ کرانا (متعدی)۔

اُرَاخِلَا بوعِک: گاہے چھپنا، گاہے نظر آنا (محاورہ)۔

اَرّدوعِک: دریا میں کود کر خودکشی کرنا۔بہت لالچ کرنا۔
(مص۔لازم) (محاورہ)۔

اَرَاتُو: خوف زدہ۔جلد ڈرنے والا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَرّاُجِوعِک :ڈرکر جگہ چھوڑ جانا(مص۔لازم)۔

اَرّتھَروعِک :ڈرانا۔(مص۔متعدی)۔

اَرّبوعِک : ڈرنا۔باز آنا (محاورہ) (مص۔لازم)۔

اَرّتھَرِیتُگ : ڈرایا ہوا۔دھمکایا ہوا۔(ا۔مف۔متعدی)

اَرّبِیتُگ :ڈرا ہوا۔خوف کھایا ہوا۔(ا۔مف)۔

اَرّتھَرَئیک :ڈرانے والا۔خوف دلانے والا۔(ا۔فاعل)

اَرَب : عربی۔(صف۔نسبتی)۔

اَرَبِیٔ :عربی زبان۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَرَبِئی :عرب کا۔(حا۔اضافی)۔

اَرَبیئٹ :عرب کو۔(حا۔مفعولی)۔

اَرَبِیٔ اَنِشپی چَماٹ تھَوعِک :عربی گھوڑے جیسی تیزی
دکھانا۔(محاورہ)۔

اَرَب : عددی شمار۔ارب۔(ا۔عددی)۔

اِرُپ دَوعِک : کمال کرنا۔ہنر دکھانا۔(مص۔متعدی)۔

اِرُپ : اچھوتا۔انوکھا۔کمال۔(ا۔وا۔مث)۔

اِرُپ دَرَوعِک :کمال کرانا۔ہنر دکھلانا (مص۔متعدی)۔

اِرِس :حرص۔لالچ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِرِس بوعِک :لالچ ہونا۔حرص ہونا۔(مص۔لازم)۔

اِرِس تھَوعِک :حرص کرنا۔لالچ کرنا۔(مص۔متعدی۔

اُرُوْ : اندر۔(ا۔ظر۔مکاں)۔

اُرُڈ : موچی کا سوا۔(ا۔آلہ۔وا۔مذ)۔

اُرُٹ: اندر کو۔(اِ۔ظر۔مکاں)۔

اُرُؤ کِسٓ :اور ذرا اندر کی طرف۔(تابع فعل)۔

ارزِی: درخواست۔(ا۔وا۔مث)۔

ارزِی دَو ءِک: درخواست گزارنا۔(مص۔متعدی)۔

ارزِی نَویس: عدالتی عرضیاں اور تمسک لکھنے والا۔
(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اُرنُو : اندر سے۔(اِ۔ظر۔مکاں)۔تابع فعل۔

اَرِینَو دَرُوتھَو ءِک :دل کا بھید کھولنا۔گھر کی بات باہر
بتانا۔(مص۔متعدی)۔

اَرِنیٰ: اندر۔پوشیدہ۔(ا۔وا۔مث)۔تابع فعل۔

اَرَنیٰ دَجَو ءِک: دل میں حسد کرنا۔(مص۔لازم)۔

اَرَنیٰ پچُو ءِک: اندر سے کڑھنا۔(مص۔لازم)۔

اُرن :میمنا۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُرنی :میمنے۔(ا۔جم۔مذ)۔

اِرن :اینٹوں کا سانچہ۔(ا۔آلہ۔وا۔مذ)۔

اِرن پُرَو ءِک: سانچہ بھرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِرَن کُٹھَو ءِک: سانچہ کوٹنا۔(مص۔متعدی)۔

اُرُوس :روس۔(ا۔ظر۔مکاں)۔

اُرُوسیٰ :روس کا۔فتیلے کی پرانی بندوق۔(اضافی)۔

اُرُوٹو :تنگ۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اُرُوٹِیٰ: تنگ (ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَرْوَا :ارواح۔روح کی جمع۔(سِنا میں واحد مستعمل ہے)۔

ازدَاوہ :موٹا پسا ہوا اناج۔(ا۔وا۔مذ)۔

ارَز : عرض۔(ا۔وا۔مث)۔

ارزَان :عام۔ارزاں۔(ا۔وا۔مث)۔

ارزَانیٰ :ارزانی۔عام ہونا۔کثرت سے ہونا (ا۔وا۔مث)

اِرادَہ : ارادہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِرادَہ تھَو ءِک :ارادہ کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَرّبَٹ بَو ءِک : ہکّا بکّا ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَرّٹپ :اچانک۔بنا سوچے سمجھے مداخلت (تابع فعل)۔

اَرّٹپ بَو ءِک: اچانک مخل ہونا۔بلا وجہ گھسنا۔(م۔لازم)۔

اَردَل : اردلی۔خدمت گار۔نوکر۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَرَش :عرش۔(ا۔وا۔مث)۔

اِرِ گیٹ : آنکھ کا کونہ ۔ شگوفہ ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اِرِ گیٹئی پَیَ بَان : شگوفے کی پیوند کاری ۔ (ا ۔ وا ۔ مث)

اُردُو : اردو ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مث) ۔

اُردُو تھَو عِک : اردو بولنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اُردُو رَیَو عِک : اردو کہنا ۔ پڑھنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اُردُو پڑ وعِک : اردو پڑھنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اُرُپ : بے ڈھنگ ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مذ / مث) ۔

اَرُسہ : عرصہ ۔ (ا ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَرزَہ : اضافی رقم جوکسی شے کے اوپر لگے (ا ۔ وا ۔ مث

اَرزہ تھَو عِک : تبادلے میں اضافی رقم طے کرنا ۔ (متعدی

اَرزَہ دَو عِک : اضافی قرضہ دینا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَرزَہ لُکھَو عِک : قرض مانگنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَرزَہ رُگنَو عِک : قرض لینا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَرزَہ تَرَ وعِک : قرض اتارنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اُزکو : بھیڑیا کی قسم کا جانور ۔ (Hyena) (ا ۔ وا ۔ مذ) ۔

اِزگا ٹگ : اردگرد ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اِزگا ٹگ بوَ عِک : اردگرد حلقہ بنانا ۔ گھیرے میں ڈالنا ۔

اِرگا ٹگ وَیوعِک : طواف کرنا ۔ خاطر مدارت کرنا ۔

اَرگُن : دوغلی نسل کا ۔ (Highbred) ۔ (ا ۔ صف) ۔

اَرمَان : ارمان ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اَرمَان بوَ عِک : حسرت میں ہونا ۔ (مص ۔ لازم) ۔

اَرمَان تھَو عِک : حسرت کرنا ۔ ارمان کرنا (ف ۔ متعدی) ۔

اَرمَان بڑ وعِک : حتی المقدور کوشش کرنا (ف ۔ متعدی) ۔

اَرمَان مُچُو عِک : حسرت باقی رہنا ۔ (ف ۔ لازم) ۔

اُرِیٔن : اُڑیال ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

اُرِیٔن دَارمَر اَک بۓ اَمُوشَیَ : اڑیال گھاٹی پر کر کے بھول جائے گا ۔ اُڑیال زیادہ بھلکڑ ہوتا ہے ۔ (محاورہ) ۔

ارمانی : حسرت ۔ (ا ۔ وا ۔ مث) ۔

ا ۔ ڑ

اَڑ وعِک : لانا ۔ لے آنا ۔ (مص ۔ متعدی) ۔

اَڑ وَ سَر : بہت پتلا مائع ۔ جیسے شوربہ ، لسّی اور چائے وغیرہ ۔

اَڑم بوَ عِک : مخل ہونا ۔ مداخلت کرنا ۔ (ف ۔ لازم) ۔

اَڑو : غیر ۔ اور ۔ (ا ۔ صف ۔ وا ۔ مذ) ۔

اَڑے : غیر ۔ ایسے ویسے ۔ (ا ۔ صف ۔ جم ۔ مذ) ۔

اَڑَمیٰ ہَیَت : مخل ہونے کی عادت۔(ا۔وا۔مث)۔

ا ۔ ز

اِزَاپھہ :اضافہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِزرَائیل: ملک الموت۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَزَل :روزاول۔مخلوق کی خلقت کا دن۔

اَزَلیر : ازل میں۔(تابع فعل)۔

اَزم : عزم۔ارادہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اُزم تھَو عِک :ارادہ کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اَزمْیچ کُرِیَو عِک :ارادے پر قائم رہنا۔(مص۔متعدی)۔

اَزمَائش : آزمائش۔(حا۔مص)۔

اَزمَو عِک : آزمانا۔پرکھنا۔(مص۔متعدی)۔

اُزمک تھَو عِک : آزمانا۔پرکھنا۔(مص۔متعدی)۔

اُزمک تھَو عِک: آزمائش کرنا (To try)۔(متعدی

اُزُر : عذر۔بہانہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اُزُرِیٰ بوَ عِک: بہانے ہونا۔بیمار ہونا۔(مص۔متعدی)۔

اَزِیز : عزیز۔پیارا۔(ا۔وا۔مذ)۔

ا ۔ ڑ

اَڑَوْ : بارش۔بادل۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَڑَوْ : گیلا۔نم۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَڑِیٰ : گیلی۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَڑَر دِجَماشُکُر :تری میں اتروں کی خشکی میں۔کہاوت۔ ایک جن کسی کے تابع تھا اور وہ ہر کام الٹا کیا کرتا تھا۔خشکی میں اترنے کو کہا جائے تو وہ تری میں اترتا۔الٹے کام کرنے والے کے لئے یہ کہاوت استعمال کرتے ہیں۔

اَڑَوْ وَیَو عِک :بارش ہونا۔(مص۔متعدی)۔

اَڑَوْ لَاسَ بوَ عِک :بادل چھا جانا۔(مص۔متعدی)۔

اَڑَوْ کھُر وِجو عِک: ہلکی پھوار ہونا۔(مص۔متعدی)۔

اَڑَوْ لَام بوَ عِک: بارش کا تھمنا۔(مص۔متعدی)۔

اَڑَوْ ؤیَ: بارش کا پانی۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَڑَوْ کَال: برسات کا سال۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَڑُس دَین :بارش ہو رہی ہے(ف۔حال)۔

اَڑَوْ وَائیَ :بارش ہوگی۔(ف۔مستقبل)۔

اَڑَوْ کھَین :بارش کے وقت۔(تابع فعل)۔

اَرَّوبَوعِک : گیلا ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَرِّیٔ بَوعِک : گیلی ہونا(مص۔لازم)۔

اَرَّاپوْ : تھوڑا سا گیلا۔(ا۔صف)۔

اُرَّوْ : لدھر۔(Otter)۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُرَّوْبَوعِک : ماہر تیراک ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَرَّلَوْ : معدہ۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اَرَّلَئے : معدے(ا۔وا۔مذ)۔

اَرَّیَار : نمی۔گیلا پن۔(ا۔صف)۔

اَرَّیَوعِک : گیلا ہونا۔(مص۔لازم)۔

اُرُّوْوعِک : چبانا۔(مص۔متعدی)۔

اَرَّیٔ سُوْرِیٔ بَوعِک : برسات کا سورج ہونا۔نظر نہ آنا۔
(محاورہ)۔

اوْرِّیٔ تِٹِت مَوتِّیئے : پیٹ بھرے تو باتیں ہوتی
ہیں۔(محاورہ)۔

اوْرِّیٔ بڑَوْ : پیٹ بڑا۔(ا۔صف)۔

اَرَّوعِک : زرّہ پہننا۔(مص۔متعدی)۔

اَرَّک : چمڑے کی پٹی۔بیلٹ۔(ا۔آلہ۔وا۔مذ)۔

اَرَّےْ : پہنو (ف،امر۔وا۔مخاطب)۔

اَرَّے : پہن کر۔(متعلق فعل)۔

اَرَّےا : کیا تم پہنو گے؟۔(استفہام)۔

اَرَّرَے : پہنا کر۔(تابع فعل)۔

اَرَّرَوعِک : پہنانا۔(مص۔متعدی)۔

اُرَّوْن : جگالی۔(Regurgitation)۔

اُرَّوْن تھَوعِک : جگالی کرنا۔(مص۔متعدی)۔

ا ۔ س

اَسَا : اے بہن (حرف ندا)۔

اَسبَاب : گھریلو برتن۔ساز و سامان۔(ا۔جم۔مذ)۔

اِشپَاؔ : لذت۔مٹھاس۔(ا۔وا۔مث)۔

اِشپَاوَ : لذیز۔میٹھا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اِسیٔ ہَر وعِک : حملہ کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِسٹ وَیَوعِک : حملہ ہونا۔(مص۔لازم)۔

اِشپوْر : بدسلیقہ۔بے ہنر۔نالائق۔(ا۔صف)۔

اِشپوْت : جسمانی طور پر کمزور۔سست۔نکما۔(ا۔صف)۔

اِشپَندُر : ہرمل۔ایک جراثیم کُش جڑی بوٹی۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِسپَندُ رَئی دُوُم دَو عِک: ہرمل کا دھواں کرنا۔(متعدی)۔

اَست :اسد(ایک مہینہ اور برج کا نام)(ا۔ظر۔زماں)۔

اَستَان: آستانہ۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اَستَان تھَو عِک: آستانے کی قسم کھانا۔(مص۔متعدی)

اَستانِیْ: آستانے(جمع)۔

اَستَان شِلو عِک : آستانہ پوجنا۔(مص۔متعدی)۔

اَستَان رَگنَو عِک: آستان کو وسیلہ بنانا۔(مص۔متعدی)

اَستانَیْ تِرِیْ وَیَو عِک : آستانے کا عقیدتاً طواف کرنا۔

اَستَکَائِل: ضعیف العمر۔بوڑھا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَستَکَائِلِیْ: ضعیف العمری۔(حا۔مص)۔

اَستَکَائِل تَنئیر چھوْرَے: جہاں دیدہ بزرگ کو ٹوکری میں سنبھال رکھو۔(محاورہ)۔

اَستَکَائِلِیْ مَوْرسے چَا کُرَیْ شَت گَنَیْ: بوڑھے کی بات جوان کی طاقت کو باندھے گی۔(محاورہ)۔

اَستَوُم :انصاف۔(ا۔وا۔مث)۔

اَستَوُم گر: منصف۔انصاف کرنے والا۔(ا۔صف)۔

اَستَوُم تھَو عِک: انصاف کرنا۔فیصلہ کرنا۔(ف۔متعدی

اَستَوُم رَگنَو عِک: انصاف طلب کرنا۔پنچائت بٹھانا۔

اَستَوُم تھَرَ وعِک: انصاف کرانا۔(ف۔متعدی)۔

اَستَومَیٹ ٹَگ بَو عِک: انصاف کے لئے عمر گنوادینا۔

اَستَومَیْ مَوْر تھَو عِک: انصاف کی بات کرنا۔

اَستَوُم شَیْ تھِگَین: انصاف اندھا ہوتا ہے۔(محا)۔

اَستَومَیْ: انصاف کا(اضافی)۔

اَستَور: استور۔گلگت بلتستان کا ایک ضلع۔(۔ظر۔مکاں)۔

اَستَوْرِجَا: استور کی بولی۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَستَوْرَیْ: استور کا۔(حا۔اضافی)۔

اَستَوْرِجَو :استور کا رہنے والا۔(صف۔نسبتی)۔

اِستَر: غلاف۔تہہ۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِستِرَنگ : بدبُو۔(ا۔صف)۔

اِستِرَنگ دِجَو عِک: بدبو آنا۔(مص۔متعدی)۔

اِستِرَنگ دَرَو عِک: بدبُو پھیلانا(مص۔متعدی المعدی)۔

اِستِرَنگ پھَیِجَو عِک: بدبو پھیلنا۔(مص۔لازم)۔

اِستِرِیْ: استری۔(ا۔وا۔مث)۔

اُستَات: معلم۔استاد۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُستانِیْ : معلّمہ۔استانی (ا۔وا۔مث)۔

اُستاتِیْ : مہارت۔ہنرمندی۔چالاکی۔(حا۔مص)۔

اُستادسےٗ گوٗشوٗ لیرَ کھایَ: کوئی جس کام میں ماہر ہو اس کے گھر میں اسی چیز کی کمی ہوتی ہے۔(محاورہ)۔

اِشتوٗ : کھیت کی نالی۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِستگُوٹِوٗ : کھیت کو پانی دینے والی نالی۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِشتِکھارَہ: استخارہ۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِشتِکھارَہ تھوعِک: استخارہ کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِسپِتال : ہسپتال۔(ا۔ظر۔مکاں)۔

اِستِمال: استعمال۔(ا۔وا۔مث)۔

اِستِمال تھوعِک : استعمال کرنا۔(ف۔متعدی)۔

اَستگپھار تھوعِک : استغفار کرنا۔(ف۔متعدی)۔

اِس بِس تھوعِک: ہونٹ ہلا ہلا کر پڑھنا۔(ف۔متعدی

اِسگَرشاٗ : سرسوں کا ساگ۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَستورَیَ چاٹوٗگہ ِگلتیَ سانَروٗ : استور کا گونگا اور گلیت کا ہوشیار برابر ہیں۔(محاورہ)۔

اَسبَر تھوعِک : یاد کرنا۔ازبر کرنا۔(ف۔متعدی

اَسپہ :(Typhoide) بخار کی ایک خطرناک قسم جس میں انتڑیوں کی سوزش ہوتی ہے۔(ا۔وا۔مث)۔

اَسپہ بوعِک: ٹائفائیڈ ہونا۔(مص۔لازم)۔

اِسٹ : سامنے۔منہ کی طرف۔(متعلق فعل)۔

اِسٹ وَیوعِک: سامنے سے منہ کی طرف آنا۔حملہ کرنا۔

اِسٹ پھَرَ وعِک: رخ منہ کی طرف پھیرنا۔نشانہ بنانا

اِسرَ وٗ : اپنوں سے دور رہنے والا۔بے مہر۔(ا۔صف)۔

اُسکُون : ہم قبیلہ۔رشتہ دار۔وراثت کا حقدار۔(ا۔وا۔مذ)

اُسکُون سےَ کھُورِیٹ چِکَیَ: رشتہ دار برائی کے انتظار میں رہیں۔(محاورہ)۔

اُسکُونِیْ : رشتہ دار۔ہم قبیلہ۔(ا۔جم۔مذ)۔

اُسکُنِیاَ: قبیلے کے اندر۔رشتہ داری میں۔(تابع فعل)۔

اُسکُنِیاَ گر: قبیلے میں شادی۔(ا۔جم)۔

اَسَل تھوعِک : اچھا کرنا۔ٹھیک کرنا۔(مص۔متعدی)

اَسَل بوعِک : اچھا ہونا۔اصلی ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَسمان : آسمان۔فلک (ا۔وا۔مث)۔

اَسمان دوٗر، زَمین سَگھت: آسمان دور، زمین سخت۔ تکلیفات میں گرنا۔(محاورہ)۔

اَسمان دَپَر وَیو عِک: غرور کرنا۔ گھمنڈ ہونا (م۔ لازم)۔

اَسمان چِرَ پی: بہت بلند۔ (Skyscraper)۔ مہنگا۔

اَسمان نیج یو عِک: بہت زیادہ قیمت بتانا۔ مہنگا دینا۔ مغرور ہونا۔ (مص۔ لازم)۔

اَسمان زمین ایک تھو عِک: بڑے بلند بانگ دعوے کرنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَسو عِک: ہونا۔ (مص۔ لازم)۔

اَسُمبر: اِشکوٗمن کا ایک گلیشر۔ (ا۔ ظر۔ مکاں)۔

اُسو عِک: اناج تھیلوں میں بھرنا۔ پانی بھرنا (ف۔ متعدی)۔

اُسینگ: اناج بھرنے والا۔ (ا۔ فاعل۔ وا۔ مذ)

اَسُو: وہ تھا۔ (ضم۔ وا۔ غائب۔ ماض۔ بعید)۔

اَسئے: وہ تھے۔ (ضم۔ جم۔ غا۔ ماض۔ بعید)۔

اَسُس: میں تھا۔ (ضم۔ وا۔ متکلم۔ ماض۔ بعید)۔

اَسئیس ہم تھے۔ (ضم۔ جم۔ متکلم۔ ماض۔ بعید)۔

اَسُو: تو تھا۔ (ضم۔ وا۔ مخا۔ ماض۔ بعید)۔

اَسئیت: تم تھے۔ (ضم۔ جم۔ مخا۔ ماض۔ بعید)۔

اُسینگ: اناج بھرنے والے۔ (ا۔ فا۔ جم)۔

اُسرَ ینگ: اناج بھروانے والے۔ (ا۔ فا۔ متعدی۔ جم)۔

اُسرَ وعِک: اناج بھروانا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَسئی: ہمارا۔ ہمارے (ا۔ ضم۔ اضافی)۔

اَسان: آسان۔ (ا۔ صف۔ وا)۔

اَسان بوعِک: آسان ہونا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَسانی: آسانی۔ (ا۔ مث)۔

اُسُول تھوعِک: وصول کرنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اِسہار: طعنہ۔ طنز۔ (ا۔ وا۔ مث)۔

اِسہار دَوعِک: طنز کرنا۔ طعنے دینا۔ (مص۔ متعدی)۔

اِسہار دَیئیک: طنز کرنے والا۔ (ا۔ فاعل)۔

اِسہار دِجوعِک: طنز ہونا۔ بدنام ہونا۔ (مص۔ متعدی)۔

اِسہاوَ: طناز۔ مسخرہ باز۔ مذاق کرنے والا۔ (ا۔ وا۔ مذ)۔

اِسہار دَروعِک: طنز کرانا۔ طعنے دلوانا۔ سبکی کروانا۔

اِسہار دِیتُک: جس پر طنز کیا گیا ہو۔ طعنہ دیا ہوا ہو (۔ مف)۔

اِسہار دَریتُک: طنز کروانے والا۔ (ا۔ فا۔ متعدی)۔

اَسیا: ہماری سی۔ (متعلق فعل)۔

اَسیا تھوعِک: ہماری زبان بولنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَسیاَ نٹھوعِک: ہماری طرح ناچنا۔(مص۔متعدی)۔

اِسیٔ: بعد میں۔پھر(تابع فعل)۔

اِسیٔ بیوعِک: بعد میں بیٹھنا۔پیچھے بیٹھنا(مص۔لازم)۔

اِسیٔ بیرَوعِک: بعد میں بٹھانا۔پیچھے بٹھانا(ف۔متعدی)۔

اِسیٔ پھڑَوعِک: منہ کی طرف کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِسیٔ دَوعِک: جانوروں کو پانی وغیرہ سامنے چھوڑنا۔ سامنے کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِسیٔ دِجوعِک: پیچھے لگنا۔(مص۔لازم)۔

اِسیٔ پھڑَۓ: منہ کی طرف کر کے۔نشانہ بنا کر(تابع فعل)

اِسیٔ سَوعِک: ساتھ لگانا۔(مص۔متعدی)۔

اِسیٔ سَجوعِک: پیچھے لگنا۔(مص۔لازم)۔

اِسیٔ سَارؤعِک: پیچھے لگوانا۔دم کی طرح ساتھ لگوانا۔

اِسیٔ وَیَوعِک: بعد میں آنا۔(مص۔لازم)۔

اِسیٔو: سامنے سے۔(تابع فعل)۔

اِسیٔیو: اگلا۔دوسرا۔(تابع فعل)۔

ا۔ش

اَش: آج۔(ا۔ظر۔زماں)۔

اَش بلہ: آج کل۔اِن دنوں۔(متعلق فعل)۔

اَش لُستاعِک: آج کل میں۔عنقریب۔(متعلق فعل)

اَش بلاٹ: آج رات کو۔(متعلق فعل)۔

اَش بلائی: آج کل کا(کی)۔(متعلق فعل)۔

اَش بوسنگ: آج تک۔(متعلق فعل)۔

اَش بیش: تاحال۔آج تک۔(متعلق فعل)۔

اُشار: خشک میوہ۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُشرِیٔ: خشک میوہ جات۔(ا۔جم۔مذ)۔

اِشا: عشا۔(ا۔وا۔مث)۔

اَشاتو: کمزور(ا۔صف۔مذ)۔

اَشاتی: کمزور(ا۔صف۔مث)۔

اَشاتی مال: کمزور جانور۔

اَشاتو بوعِک: کمزور ہونا۔(مص۔لازم)۔

اَشاتو تھروعِک: کمزور کرانا۔(مص۔متعدی)۔

اَشتیار: کمزوری۔(حا۔مص)۔

اَشاتی مالیج بلے پلی جیٔن: کمزور جانور کو جونکیں چمٹتی ہیں(محاورہ)۔

اَشا تیَئ کھُٹَ ہگاَیر : کمزور کا مزاج آسمان پر۔(محا)۔

اَشا تیَئ کُمےَ بُجَیْن : کمزور کی پلکیں گرتی ہیں۔(محا)۔

اَشا تیَیٹ کُھنَ گہ ہگُرَ ے : کمزور کے لئے پلکیں بھی بھاری ہیں (محاورہ)۔

اِشارہ : اشارہ۔کنایہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِشارہ تھوعِک : اشارہ کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اِشاراج ییَوعِک : اشارے پر چلنا۔(مص۔لازم)۔

اِشائ نماس تھوعِک : عشا کی نماز کرنا۔(ف۔متعدی)۔

اِش تھوعِک : بیماری کا اظہار کرنا۔بہانہ کرنا (ف۔متعدی)۔

اُش بوعِک : ڈر بھاگنا۔جانوروں کا ہجرت کرنا۔ (مص۔لازم)

اُش ہرَّ وعِک : جنگلی جانوروں کو ڈرا کر بھگا دینا۔ (مص۔متعدی)۔

اِشپِت : رشکہ۔(Alphalpha)۔(ا۔وا۔مث)۔

اَشپار : گھڑسوار۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَشپاربُلہ : گھوڑے پر پولو۔(ا۔وا۔مث)۔

اَشپاربوعِک : گھڑسوار ہونا۔(مص۔لازم)۔

اِشپرئ تھوعِک : خوانِ استقبال پھلکیوں پر گھی رکھ کر خوش آمدید کہنا۔(مص۔متعدی)۔

اِشپرئ ہرَ وعِک : مبارکبادی کا خوان لے کر جانا۔

اَشپرئ : ڈالی۔سوغات۔گندم کی پتلی روٹی اور گھی پیش کر کے استقبال کرنا۔(رسم)۔

اَشپلی : اصطبل۔(ا۔ظر۔مکاں)۔

اِشپین : بڑے آدمی کا جھوٹا۔(ا۔وا۔مث)۔

اَشتون : سائیس۔(ا۔وا۔مذ)۔

اَشتونی : سائیسی۔گھوڑے کی نگہداشت کا کام۔(ا۔کیفیت)۔

اُشٹُو : گندا۔بزدل۔نکما۔کم ہمت۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اُشٹیِ : بزدلی۔گندگی۔میلاپن۔(حا۔مص)۔

اَشکِناچِی : کاسنی چکوری۔ایک سبزی۔
(Chichorium intybus)

اِشکین : ایک خاردار جھاڑی جس کی جڑیں کمر درد کے لئے علاج کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔(ا۔وا۔مث)۔

اِشکاؤ : بیلنا۔(ا۔آلہ۔وا۔مث)۔

اِشکوئ : بیلنے (ا۔آلہ۔جم۔مث)۔

اَشجوعِک : کسی سے کچھ ملنا۔ہاتھ آنا۔(مص۔لازم)۔

اَشدَہا: اژدہا۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِشک :عشق۔(ا۔وا۔مث)۔

اِشک تھوءِک: عشق کرنا۔ (مص۔متعدی)۔

اِشکئی رَگوٹو :عشق کا بیمار۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَشوءِک: کوئی چیز ملنا۔(مص۔لازم)۔

اَشوُگو: آج کا۔(متعلق فعل)۔

اَشکش بوءِک: محبت سے گلے ملنا۔(مص۔لازم)۔

اَشورجان: موسیقی کی ایک دھن کا نام۔(ا۔وا۔مث)۔

اَشنایو :اچانک سے۔ایک دم۔(متعلق فعل)۔

اُشہ :وہ نالی جہاں پن چکی کا پنکھا گھومتا ہے۔(ا۔ظر۔مکا)

اُشیوَل: خرگوش۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُشیوَل اَجِٹ تیئو: خرگوش بلندی کی طرف تیز دوڑتا ہے۔(محاورہ)۔

اُشیوَل رَموءِک خرگوش پالنا۔ (مص۔متعدی)۔

ا ۔ سّ

اُسّ :تھکاوٹ نکالنے کے لئے لمبی سانس لینا۔اُف۔(حر۔ندا)۔

اُسّ اُسّ تھوءِک: ارمان کرنا۔واہ واہ کہنا۔اُف اُف کرنا(حر۔انبساط)۔

اُسّ وَائی جِیل تھوءِک: سخت مشقت۔اُف رے مری جان۔(حر۔ندا)۔

اُسّ وَہ: واہ رے۔اُف رے۔(حر۔ندا)۔

اُسّ تھوءِک :بچے کو سلانے کے لئے لوری۔(حر۔ندا)

اُسّارَن : مقروض۔(ا۔وا۔مذ)۔

اُسّنی :قرض مانگنے والا۔(ا۔فا۔وا۔مذ/مث)۔

اُسّپکی :ایک چھوٹا شکاری پرندہ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِسّپرِک: گردن کا ایک حصہ۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِسّٹام : اسٹام۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِسّٹام رَگنوءِک: اسٹام پر لکھوا کر کوئی معاملہ طے کرنا۔

اَسّٹائیں :اٹھارہ۔(ا۔عددی)۔

اُسّکور: عصفور۔ایک بھورا پرندہ جو سردی میں ہجرت نہیں کرتا۔(ا۔وا۔مث)۔

اُسّکوری تھر :عصفور کی اڑان مختصر ہوتی ہے۔(محاورہ)۔

اِسّکرگُخ :میتھی۔ایک سبزی۔(ا۔وا۔مث)۔

اِسّکرک: پیٹ کا پیلا مائع۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِشکَرک بوَ عِک: معدے میں پہلے مائع سے بدہضمی ہونا۔

اُشکَار : بھڑاس۔(catharsis)۔(حا۔مص)۔

اُشکَار نکھلو عِک: دل کی بھڑاس نکالنا۔(ف۔متعدی)

اِشکمبُو : فتیلے کا چراغ۔(ا۔آلہ۔وا۔مذ)۔

اِشکمبُو لُپو عِک: فتیلے کا چراغ جلانا۔(ف۔متعدی)

اِشکَار : بھڑ۔(ا۔وا۔مث)۔

اِشکَارِیَ : بھڑیں۔(ا۔جم۔مث)۔

اِشکَارَو ہلوُل : بھڑوں کا چھتا۔(ا۔وا۔مذ)۔

اِشکل : وہ لکڑی جس سے دروازے کو بند کرتے ہیں۔

اُشو عِک : قرض لینا۔(مص۔لازم)۔

اُشَین : پھانسی۔تختۂ دار۔(ا۔وا۔مث)۔

اُشَین دَوعِک : پھانسی دینا۔(مص۔متعدی)۔

اُشَین وِیوَعِک: پھانسی چڑھانا۔لٹکانا(مص۔متعدی)

اُشَین پوَعِک: پھانسی لگنا۔(مص۔لازم)۔

ا ۔ ک

اَکاَ: چھی چھی۔گندا۔(بچوں کی بولی) ۔(حر۔تنبیہ)۔

اَکلاَّ: اُف رے گندا۔ (بچوں کی بولی) (حر۔تنبیہ)۔

اَگارَن: ناگاہ۔اچانک۔اتفاقاً۔(تابع فعل)۔

اَگارَن بوَعِک: اتفاق سے کچھ ہونا۔ناگاہ کچھ ہونا۔

اَگائیَ: گیارہ۔(ا۔عددی)۔

اَگائیَ یَیش: گیارہ مرتبہ۔(متعلق فعل)۔

اَکرَبَہ: اقربا۔رشتے دار۔(ا۔جم۔مذ)۔

اَکرَار : اقرار۔(ا۔وا۔مث)۔

اَکرَارتھوعِک :تسلیم کرنا۔

ماننا۔اقرار کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اُکرَوٗ عِک: چمڑا اتارنا۔کھال الگ کرنا۔(مص۔متعدی)۔

اُکرَوٗ عِک: اوروں کے مال کے خوب مزے لینا۔

(محاورہ)۔(مص۔متعدی)۔

اُکرَرَوٗ عِک: اوروں کے مال کے خوب مزے اٹھوانا۔

محاورہ۔(مص۔متعدی المتعدی)۔

اَگس : ضد۔عداوت۔(ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَگساٗتوٗ: ضدی۔ہٹیلا۔(ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَگسیاٗر : ہٹیلاپن۔ضد۔(حا۔مص)۔

اَگس بوَعِک :ضد کرنا۔ہٹ کرنا۔(مص۔لازم)۔

اَگس تھَرَوعِک :ضد دلانا۔مخالف بنانا(مص۔متعد۔

اَکسَر : اکثر۔ بیشتر اوقات۔ (متعلق فعل)۔

اَکرَڑ وِک : اکڑنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَکل : عقل۔ (ا۔ وا۔ مث)۔

اَکلِ : عقلیں۔ (ا۔ جم۔ مث)۔

اَکل کھُٹو : کم عقل۔ نادان۔ (ا۔ صف۔ مذ)۔

اَکل تمَام : عقل کل (طنزیہ کوسنا)۔

اَکیس مُنزَ تَوَم جلیَ گلیم : نادان آدمی اپنی جان کا دشمن ہوتا ہے۔ (محاورہ)۔

اَکلیَ : عقل کا۔ دانش کا۔ (اضافی)۔

اَکل بَڑجو وِک : بے عقلی کا کام کرنا۔ (مص۔ لازم)۔

اَکل تاَم بو وِک : عقل پختہ ہونا۔ عقلِ کُل ہونا (طنزیہ)۔

اَکل تھَو وِک : دانائی کرنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَکلدَ ون : عقل دانت۔ (ا۔ وا۔ مذ)۔

اَکلمَن : عقلمند۔ دانا۔ (ا۔ صف۔ وا۔ مذ/مث)۔

اَکلدَ ون نِکھَو وِک : عقل داڑھ کا نکلنا (مص۔ لازم)

اَکل دِشیر نے بَو وِک : عقل ٹھکانے نہ رہنا۔

اَکلیر نے بَٹھَو وِک : عقل میں نہ سمانا۔ (مص۔ لازم)

اَکلیم : دنیا۔ (ا۔ وا۔ مث)۔

اَکلیمیر : دنیا بھر میں۔ (متعلق فعل)۔

اَکل بگوبَل گونِلیر اَسُو : عقل تقسیم ہوتے سمے باڑے میں تھا۔ (محاورہ)۔

اَگوٹ کھچِی تِھتکیَ بیَل بُجی : خود کو برا کرنے والے کی نسل ختم ہوگی۔ (محاورہ)۔

اُگودَو وِک : گوڈی کرنا۔ جڑی بوٹیاں تلف کرنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اُگو : گوڈی۔ (ا۔ وا۔ مث)۔

اُگوو وِک : کھودنا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَگوشا : خود بخود۔ (متعلق فعل)۔

اَگوشایو : خود بخود سے۔ (تابع فعل)۔

اَگوشایو بَشو وِک : خود کلامی۔ (مص۔ لازم)۔

اُگیرَ وِک : کھدوانا۔ (مص۔ متعدی)۔

اَکیدَہ : عقیدہ۔ اعتبار۔ اعتقاد۔ (ا۔ وا۔ مذ)۔

اَکیس پون : مشکل راستہ۔ (ا۔ صف۔ وا۔ مث)۔

اَکیس دِش : مشکل جگہ۔ (ا۔ صف۔ وا۔ مث)۔

اَکیس بَو وِک : مشکل ہونا۔ (مص۔ لازم)۔

اُکَیئِیٗ : چڑھائی ۔ (ا۔صف۔وا۔مث)۔

اُکَیئِس : ڈھلوان۔ (ا۔صف۔وا۔مث)۔

اَکَیئِیٹ گل ، شکَشَیٹ سَوَ : نادان کو گران دانا کو آسان ۔محاورہ)۔

اُکَیئِیٗ دِش : ڈھلوان جگہ ۔ (ا۔صف۔ظر۔مکا)۔

اَکُشیَار : اکلاپا۔ (ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اُکَیوعِک : کھودنا۔ (مص۔متعدی)۔

اُکَیئے : کھود کر ۔ (تابع فعل)۔

اُکَینِیٗ : کھدائی ۔ (حا۔مص)۔

اَکُنیاَ : تنہا اپنے گھرانے کے ساتھ ۔ (متعلق فعل)۔

اَگوشوٗ : اکیلا ۔ تنہا ۔ جس کا ہاتھ بٹانے والا کوئی نہ ہو۔ (ا۔صف)۔

اَیکُنیاَ : ایک جگہ ۔ کسی جگہ ۔ کہیں اور ۔ (ا۔ظر۔مکاں)۔

اَکھا : آہا ۔ واہ رے ۔ (حر۔انبساط)۔

اَکھبَار : اخبار ۔ (ا۔جم۔مث)۔

اَکھبَارِئ : اخبار کا۔ اخبار کی ۔ (حا۔اضافی)۔

اَکھتِیَار : اختیار ۔ مرضی ۔ (ا۔وا۔مث)۔

اَکھتِیَارِئ : مرضی کا۔ اختیار کا ۔ (حا۔اضافی)۔

اَکھتِیَارِیر : اختیار میں ۔ بس میں ۔ (حا۔جاری)۔

اَکھتہ : خصی کیا ہوا گھوڑا ۔ (ا۔صف۔وا۔مذ)۔

اَکھرَت : آخرت ۔ (ا۔وا۔مث)۔

اَکھرَتِیر : آخرت میں ۔ حشر کے دن ۔ (ا۔ظر۔زماں)

اَکھر : آہن گر ۔ لوہار ۔ (ا۔وا۔مذ)۔

اَکھرَئ ایک سُنرَئ شَل : لوہار کی ایک اور سنار کی سو۔ (محاورہ)۔

اَکھلاک : اخلاق ۔ (ا۔وا۔مث)۔

